www.iqbalkalmati.blogspot.com

# PARTS OF SPEECH

# MADE EASY

EFZAL ANWARE MUFTI

QAUMI KUTUB KHANA

19, FEROZEPUR ROAD, LAHORE

www.iqbalkalmati.blogspot.com

## Books by the Same Author

1. Pick-me-Up—Pre-Primer
2. Pick-Me-Up Primer
3. Pick-Me-Up Book 1 (For Class 6)
   40th Edition, 1980
4. Pick-Me-Up—Book 2 (For Class 7)
   40th Edition, 1980
5. Pick-Me-Up—Book 3 (For Class 8)
   40th Edition, 1980
6. Pak Secondary School English Grammer and Composition (For Classes 9 & 10)
   49th Edition, 1980
7. Pak English Composition for Everybody
   2nd Edition, 1980
8. Twelve Lessons in Basic English
   9th Edition, 1980
9. Tenses Made Easy
   5th Edition, 1980
10. Translation Made Easy
    4th Edition, 1980
11. Active & Passive Voice Made Easy
    3rd Edition
12. Direct & Indirect Narration Made Easy
    2nd Edition, 1980
13. The Verbs & Related Words Made Easy
14. Parts of Speech Made Easy
15. Analysis Made Easy
16. Good Handwriting Made Easy

Etc. Etc

## پیش لفظ

ہمیں اپنے خیالات ، اپنے جذبات اور اپنے احساسات کے اظہار کے لئے لکھنے یا بولنے کی ضرورت پیش آتی ہے - دونوں ہی صورتوں میں ہم الفاظ (WORDS) استعمال کرتے ہیں - اردو میں الفاظ ''بامعنی'' بھی ہوتے ہیں (جیسے گھوڑا یا آسمان یا دوڑو یا پڑھے گا اور ''بے معنی'' بھی (جیسے کتاب وتاب میں ''وتاب'' یا پانی وانی میں ''وانی'') - بامعنی الفاظ کو اردو کی گریمر کی رو سے ''کلمہ'' کہا جاتا ہے اور بے معنی الفاظ کو ''مہمل'' - اس کے برعکس انگریزی میں ہر ایک لفظ ''بامعنی'' ہوتا ہے اور کوئی بھی لفظ ''مہمل'' نہیں ہوتا -

ہم روزانہ لکھتے یا بولتے ہوئے بے شمار الفاظ استعمال کرتے ہیں - لیکن حیرت کا مقام ہے کہ ہم نہ تو ان کے ناموں سے واقف ہیں ، نہ ان کی قسموں سے اور نہ ہی ان کے استعمال کے بنیادی اصولوں سے - اس کتابچے میں WORDS کی قسموں ، ان کی مختلف صورتوں اور ان کے استعمال کے زریں قاعدوں پر کماحقہٗ روشنی ڈالی گئی ہے تا کہ آپ کو انہیں پہچاننے کا سلیقہ اور انہیں استعمال کرنے کا طریقہ آ جائے - یہی معلومات درست انگریزی لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا کرنے کے لئے آپ کو بہترین رہبر کا کام دیں گے -

میں نے اس مختصر سے کتابچے کو ہر لحاظ سے جامع بنانے کی کوشش کی ہے - اس کا مطالعہ آپ کے لئے انشاء اللہ تعالیٰ ایک گنج گرانمایہ ثابت ہوگا -

افضل انور مغلی

23. (این) سمن آباد - لاہور
31 نومبر سن 1979 عیسوی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

*By the Same Author*

# TWELVE LESSONS IN BASIC ENGLISH

سکولوں اور کالجوں کے طلبہ اور طالبات کو اپنے آپ درست انگریزی لکھنے کے قابل بنانے والی ایک بے نظیر کتاب جس میں شروع سے آخر تک ہر ایک بات اردو میں بیان کی گئی ہے۔

انگریزی میں کمزوری کے باعث اگر آپ کو اپنا مستقبل تاریک نظر آتا ہو اور بار بار کوشش کے باوجود آپ انگریزی کا ایک فقرہ بھی درست لکھ نہ سکتے ہوں تو اپنی بگڑی ہوئی حالت کو سدھارنے کے لئے یہ کتاب آپ کو خضر راہ کا کام دے گی۔ اس کے مطالعہ سے انگریزی گرامر، کمپوزیشن، ٹرانسلیشن، تفہیم (Comprehension)، تلفظ (Pronunciation) کے تمام بنیادی اصول، انواع و اقسام کے الفاظ و محاورات اور ضرب الامثال کے معانی اور ان کا صحیح استعمال آپ کو اس طرح ذہن نشین ہوتے چلے جائیں گے کہ آپ گویا میرے پاس بیٹھے مجھ سے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اس طرح آپ کی ترقی آپ کے لئے انتہائی مسرت اور آپ کے جاننے والوں کے لئے لا محدود حیرت کا باعث ہوگی۔

*Manager Sales Depot.*

**QUAMI KUTUB KHANA (Regd.)**

**19, Ferozepur Road, Lahore**

# CONTENTS


| Chapter | Subject | Page |
|---|---|---|
| | پیش لفظ ... ... ... | iii |
| | Introduction ... ... ... | 1 |
| | INTRODUCTORY EXERCISE ... | ب |
| 1. | The Noun ... ... ... | 8 |
| | 1. Kinds of Nouns ... ... ... | 8 |
| | EXERCISE 1 ... ... | 11 |
| | 2. Number ... ... ... | 11 |
| | EXERCISE 2 ... ... | 22 |
| | 3. Gender ... ... ... | 23 |
| | EXERCISE 3 ... ... | 28 |
| | 4. Case ... ... ... | 28 |
| | 5. Common Errors in the Use of Nouns ... | 31 |
| | EXERCISE 4 ... ... | 33 |
| 2. | The Pronoun ... ... ... | 34 |
| | Kinds of Pronouns ... ... | 34 |
| | 1. Personal Pronoun ... ... | 34 |
| | 2. Relative Pronouns ... ... | 39 |
| | EXERCISE 5 ... ... | 41 |
| | 3. Reflexive Pronouns ... ... | 42 |
| | 4. Indefinite Pronouns ... ... | 43 |
| | 5. Demonstrative Pronouns ... ... | 44 |
| | 6. Distributive Pronouns ... ... | 44 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| Chapter | Subject | Page |
|---|---|---|
| | 7. Interrogative Pronouns ... | 4[illegible] |
| | 8. Common Errors in the Use of Pronoun. | 4[illegible] |
| | EXERCISE 6 | 49 |
| 3. | The Adjective ... ... | 51 |
| | 1. Kinds of Adjectives ... ... | 51 |
| | 2. Comparison of Adjectives ... .. | 53 |
| | EXERCISE 7 ... ... | |
| | 3. Correct Use of Adjectives ... ... | 64 |
| | 4. Common Errors in the Use of Adjectives | 66 |
| | EXERCISE 8 ... ... | 68 |
| 4 | The Article ... ... ... | 70 |
| | 1. Kinds of Articles... ... ... | 71 |
| | 2. The Use of "A" & "An" ... ... | 71 |
| | 3 The Use of "The" ... ... | 73 |
| | 4. The Omission of the Article ... ... | 75 |
| | 5. Common Errors in the Use of Articles ... | 77 |
| | EXERCISE 9 ... ... | 79 |
| 5 | The Verb ... ... ... | 82 |
| | 1. Kinds of Verbs ... ... ... | 83 |
| | 2. Three Forms of the Verb ... ... | 85 |
| | EXERCISE 10 ... ... | 92 |
| | 3. Incomplete, Strong and Weak Verbs .. | 93 |
| | 4. Infinitives, Participles and Gerunds ... | 94 |
| | 5. Moods ... ... ... | 96 |
| | EXERCISE 11 ... ... | 100 |
| | 6. Tenses ... | .00 |





| Chapter | Subject | Page |
|---|---|---|
| | (A) Indefinite Tenses ... ... | 102 |
| | EXERCISE 12 ... ... | 107 |
| | (B) Continuous Tenses ... ... | 109 |
| | EXERCISE 13 ... ... | 111 |
| | (C) Perfect Tenses ... ... | 112 |
| | EXERCISE 14 ... ... | 115 |
| | (D) Perfect Continuous Tenses ... | 116 |
| | EXERCISE 15 ... ... | 119 |
| | 7. Active and Passive Voice ... ... | 121 |
| | (A) From Active into Passive ... | 121 |
| | EXERCISE 16 ... ... | 124 |
| | (B) From Passive into Active ... | 125 |
| | EXERCISE 17 ... ... | 127 |
| | (C) Inperative Sentences ... ... | 128 |
| | EXERCISE 18 ... ... | 129 |
| | 8. Common Errors in the Use of Verbs ... | 130 |
| | EXERCISE 19 ... ... | 132 |
| 6. | The Adverb ... ... ... ... | 134 |
| | 1. Kinds of Adverbs ... ... | 134 |
| | 2. The Comparison of Adverbs... ... | 136 |
| | 3. The Position of Adverbs ... ... | 137 |
| | 4. Common Errors in the Use of Adverbs ... | 140 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| Chapter | Subject | Page |
|---|---|---|
| | EXERCISE 20 ... | ... 141 |
| 7. | The Preposition ... ... | ... 143 |
| | 1. The Use of Important Prepositions | ... 143 |
| | EXERCISE 21 ... | ... 146 |
| | 2. Words Followed by Appropriate Prepositions ... ... | ... 147 |
| | 3. Common Errors in the Use of Prepositions ... ... | ... 152 |
| | EXERCISE 22 ... | ... 154 |
| 8. | The Conjunction ... | ... 156 |
| | 1. Kinds of Conjunctions ... | ... 156 |
| | 2. Correlative Conjunctions ... | ... 160 |
| | 3. Use of Some Particular Conjuncti | 163 |
| | 4. Common Errors in the Use of Conjunctions ... ... | ... 1·6 |
| | EXERCISE 23 ... | ... 168 |
| 9. | The Interjection ... ... | ... 170 |
| 10. | The Same Word Used as Different Parts of Speech ... ... | ... 171 |




بسم اللہ الرحمن الرحیم

# PARTS OF SPEECH MADE EASY

ہمیں اپنی زندگی میں ہر روز مختلف لوگ مختلف کام کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں - کوئی مریضوں کا علاج کرتا ہے ۔ کوئی مکان اور دکانیں تعمیر کرتا ہے ، کوئی کھیتوں میں فصلیں بوتا ہے ، کوئی پھلوں اور پھولوں کی کاشت کرتا ہے ، کوئی مقدمات کے فیصلے کرتا ہے ، کوئی لباس تیار کرتا ہے ، کوئی جوتے بناتا ہے ۔ کوئی کپڑوں کی دھلائی کا کام کرتا ہے ، کوئی پارچات کو رنگتا ہے ، کوئی ٹیکسی یا کار یا رکشا چلاتا ہے ، کوئی بھیک مانگتا ہے اور کوئی محنت مزدوری کرتا ہے - کام کی نوعیت کے لحاظ سے ہم انہیں علی الترتیب ڈاکٹر یا حکیم ، معمار ، کسان ، مالی ، جج یا مجسٹریٹ ، درزی ، موچی ، دھوبی ، رنگریز ، ڈرائیور ، فقیر اور مزدور کے ناموں سے پکارتے ہیں - یہی حال الفاظ کا ہے - اُن کے کام اور اُن کے اِستعمال کی نوعیت کے لحاظ سے ہم انہیں مختلف گروہوں یا جماعتوں میں تقسیم کر دیتے ہیں - اِلفاظ کے اِن ہی گروہوں یا جماعتوں کے اجزاء کو ہم PARTS OF SPEECH کے نام سے موسوم کرتے ہیں -

## INTRODUCTION

انگریزی میں PART کے معنی ہیں ''ٹکڑا'' یا ''حصہ'' یا ''جزو'' اور SPEECH کے معنی ہیں ''گفتگو'' یا ''کلام'' - اِس لئے PARTS OF SPEECH کے معنی ہیں وہ مختلف قسموں کے الفاظ جو لکھنے یا بولنے میں اِستعمال ہوتے ہیں - اُردو میں ''بامعنی الفاظ'' (یعنی کلمے) کی تین قسمیں ہیں — (1) اِسم ، (2) فعل اور (3) حرف — لیکن انگریزی میں الفاظ کی نو قسمیں ہیں جو درج ذیل ہیں :-

| | | |
|---|---|---|
| 1. Noun. | 2. Pronoun. | 3. Adjective |
| 4. Article. | 5. Verb. | 6. Adverb |
| 7. Conjunction. | 8. Preposition. | 9. Interjection. |

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اب ہم اِن ہی اِقسام سے باری باری آپ کا تعارف کراتے ہیں ۔

## 1. THE NOUN

یہ وہ لفظ ہے جو کسی ہستی یا شخص یا جگہ یا چیز کا نام ہو (جیسے God یا man یا cow یا sun یا book یا team یا hen یا police یا life یا iron یا mango وغیرہ وغیرہ) ۔ اِسے اُردو میں ''اِسم'' کہا جاتا ہے ۔ انگریزی میں اِس کی تعریف تفصیل سے یوں کی جاتی ہے :—

**The Noun is the name of a person, place or thing.**

اور اِختصار سے یوں بھی :—

**The Noun is a naming-word.**

اِس کے لئے ضروری نہیں کہ ہم اِسے دیکھ سکیں ، یا چھو سکیں ، یا چکھ سکیں ، یا سونگھ سکیں ۔ یہ کسی ''حالت'' یا ''کیفیت'' کا نام بھی ہو سکتا ہے اور کسی دکھائی نہ دینے والے وجود یا چیز کا بھی اور ہمارے فہم و اِدراک سے بلند و بالا کسی ہستی کا بھی ۔

## 2. THE PRONOUN

یہ وہ لفظ ہے جسے کسی NOUN کی جگہ اِستعمال کیا جائے تاکہ ایک ہی بیان میں اُس NOUN کو بار بار لکھنا یا بولنا نہ پڑے ۔ جیسے :

1. Nadeem is a boy. Father sees *Nadeem* going to school. *Nadeem* has *Nadeem's* books in *Nadeem's* hand.
2. Nadeem is a boy. Father sees *him* going to school. *He* has *his* books in *his* hand.

آپ دیکھ رہے ہیں کہ پہلی عبارت میں Nadeem کو بار بار اِستعمال کیا گیا ہے ۔ لیکن دوسری عبارت میں Nadeem کی جگہ کہیں he اِستعمال ہوا ہے ، کہیں his اور کہیں him ۔ یہ تینوں الفاظ PRONOUNS ہیں ۔ اُردو میں PRONOUN کو ''اِسم ضمیر'' کہا جاتا ہے ۔ انگریزی میں اِس کی تعریف تفصیل سے یوں کی جاتی ہے :



**A PRONOUN is a word used in place of a Noun to avoid its repetition** (تکرار).

اور اِختصار سے یوں بھی :—

**A PRONOUN stands for a Noun. (*OR*) A PRONOUN is a Noun's substitute** (بدل ۔ قائم مقام).

## 3. THE ADJECTIVE

یہ وہ لفظ ہے جو کسی NOUN یا PRONOUN کا کوئی وصف (یعنی اچھائی ، برائی ، تعداد یا مقدار وغیرہ) ظاہر کرے (جیسے a fat man میں fat یا a dirty room میں dirty یا four girls میں four یا much sugar میں much) ۔ اِسے اُردو میں ''اِسم صفت'' کہا جاتا ہے ۔ انگریزی میں اِس کی تعریف وضاحت سے یوں کی جاتی ہے :—

**An ADJECTIVE is a word that adds something to the meaning of a Noun or a PRONOUN.**

اور اِختصار کے ساتھ یوں بھی :—

**An ADJECTIVE is a qualifying** (توصیفی) **word.**

## 4. THE ARTICLE

یہ وہ لفظ ہے جو کسی NOUN کے معنوں میں 'عمومیت' یا 'خصوصیت' پیدا کرتا ہے (جیسے a cow سے مراد ہے دنیا کی اَن گنت گایوں میں سے ''کوئی ایک گائے'' ۔ اور an egg سے مراد ہے بے شمار اَنڈوں میں سے ''کوئی ایک اَنڈہ'' ۔ لیکن the cow سے مراد ہے وہ گائے جو ''پیش نظر'' ہے یا جس کا ذکر ہو رہا ہے'' ۔ یہ دراصل ایک قسم کا ADJECTIVE ہے اور اِسی لئے اکثر گرامر دان اِسے ایک الگ PART OF SHEECH تسلیم ہی نہیں کرتے ۔ اِس لئے اِس کی تعریف محض ایک تکلف ہے جس میں ہم خواہ مخواہ پڑنا نہیں چاہتے ۔ اِس کے متعلق صرف اِتنا یاد رکھئے کہ یہ تعداد میں صرف تین ہیں — a ، an اور the — جو مختلف قسموں کے NOUNS یا اَن سے پہلے آنے والے ADJECTIVES کے ساتھ مقررہ قواعد کے مطابق اِستعمال ہوتے ہیں ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 5. THE VERB

یہ وہ لفظ ہے جس سے کسی کام کے "کرنے" یا "ہونے" کا پتہ چلتا ہے (جیسے write یا wrote یا will write یا shall write) - اِسے اُردو میں "فعل" کہا جاتا ہے۔ انگریزی میں اِس کی تعریف وضاحت سے یوں کی جاتی ہے :—

**A VERB is a word which describes or narrates (بیان کرنا) something.**

اور اِختصار کے ساتھ یوں بھی :—

**A VERB is a saying-word.**

## 6. THE ADVERB

یہ وہ لفظ ہے جو کسی NOUN یا PRONOUN کے علاوہ کسی اور PART OF SPEECH کے مفہوم میں کوئی 'ترمیم' یا 'اِضافہ' یا 'تغیر' بیان کرتا ہے (جیسے She walks slowly میں slowly نے walks کے مفہوم میں یا They ran fast میں fast نے ran کے مفہوم میں اور very beautiful میں very نے beautiful کے مفہوم میں ترمیم کی ہے۔ اُردو میں نہ اِس کا وجود ہے نہ کوئی مخصوص نام۔ انگریزی میں اِس کی تعریف وضاحت سے یوں کی جاتی ہے :—

**An ADVERB is a word which modifies (ترمیم کرنا) the meaning of a Verb, an Adjective or another ADVERB.**

اور اِختصار کے ساتھ یوں بھی :—

**An ADVERB is a modifying (ترمیم کرنے والا) word.**

## 7. THE PREPOSITION

یہ وہ لفظ ہے جو ایک لفظ کے لحاظ سے دوسرے لفظ کے 'مقام' یا اُس کی 'جائے وقوع' کا پتہ دیتا ہے (جیسے The book is on the table میں on سے table پر the book کے 'مقام' کا پتہ چلتا ہے اور The pen is in my pocket میں in سے the pocket میں the pen کی 'جائے وقوع' کا حال معلوم ہوتا ہے۔ اِسے اُردو میں 'حرف جار' کہا جاتا ہے اور انگریزی میں اِس کی تعریف وضاحت سے یوں کی جاتی ہے :—



**The PREPOSITION is a word which shows the position of one word with regard to another.**

اور اِختصار کے ساتھ یوں بھی :—

**The PREPOSITION is a word showing position.**

## 8. THE CONJUNCTION

یہ وہ لفظ ہے جو دو لفظوں یا جملوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ملانے کے کام آتا ہے (جیسے Parvin and Saulat میں and نے Parveen اور Saulat کو ملایا ہے اور You are young but I am old میں but نے You are young اور I am old کو ملایا ہے)۔ اُردو میں اِسے 'حرف عطف' کہا جاتا ہے اور انگریزی میں اِس کی تعریف وضاحت سے یوں کی جاتی ہے :—

**The CONJUNCTION is a word which joins words or sentences to each other.**

اور اِختصار کے ساتھ یوں بھی :—

**The CONJUNCTION is a joining word.**

## 9. THE INTERJECTION

یہ وہ لفظ ہے جو خوشی یا غم یا رنج یا حیرت کے اچانک اِحساس کے اِظہار کے لئے منہ سے بے ساختہ نکل جاتا ہے (جیسے Hurrah! We have won the match میں Hurrah سے خوشی کا اِظہار ہوا ہے اور Alas! The old man has died میں Alas سے غم کا اور Ha! You have failed میں Ha سے افسوس کا پتہ چلتا ہے - اُردو میں اِسے "حرف تعجب یا تاسف یا اِنبساط" کہا جاتا ہے اور انگریزی میں اِس کی تعریف یوں کی جاتی ہے :—

**An INTERJECTION is a word used merely to express some sudden feeling of the mind.**

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اور مختصر طور پر یوں بھی :—

**An INTERJECTION is a sudden outburt (پھوٹ پڑنا) of feeling.**

بے شمار گریمر دان اِسے جذبات کے اِظہار کے لئے منہ سے نکلنے والی صرف بے ساختہ "آواز" یعنی sound تو خیال کرتے ہیں لیکن اسے PART OF SPEECH شمار نہیں کرتے۔

اس طویل تمہید کا لب لباب یہ ہے کہ :—

- NOUN کسی شخص یا جگہ یا چیز کا نام ہوتا ہے۔
- PRONOUN کسی NOUN کے قائم مقام کے فرائض سرانجام دیتا ہے۔
- ADJECTIVE کسی NOUN یا PRONOUN کا کوئی وصف بیان کرتا ہے۔
- VERB سے کسی زمانہ میں کوئی کام کرنے یا ہونے کا پتہ چلتا ہے۔
- ADVERB کسی VERB یا ADJECTIVE یا کسی دوسرے ADVERB وغیرہ کی ترمیم کا کام کرتا ہے۔
- PREPOSITION سے کسی لفظ کی "پوزیشن" معلوم ہوتی ہے
- CONJUNCTION لفظوں اور جملوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ملا دیتا ہے۔
- اکثر گریمر دانوں کے نزدیک ARTICLE بھی ایک طرح کا ADJECTIVE ہی ہے۔
- اکثر گریمر دان INTERJECTION کو PART OF SPEECH نہیں بلکہ صرف ایک "آواز" سمجھتے ہیں۔

## INTRODUCTORY EXERCISE

اگر یہ سب کچھ اچھی طرح ذہن نشین ہو گیا ہو تو اگلے صفحہ پر دئے ہوئے فقروں کو بڑے غور سے پڑھئے اور ہر ایک لفظ کو پہچان کر بتایئے کہ وہ کون سا PART OF SPEECH ہے :—



**Question : Read the following sentences and say what Parts of Speech the words used in them are : —**

1. God is One. He made us, the earth, the sky, the sun, the moon, the stars, birds, animals, rivers, seas, hills and mountains.
2. We eat, drink, work, sleep, worship Him and die. We obey our parents, respect our elders and serve them. We love our brothers, our sisters, our neighbours and our country.
3. We do good and bad deeds. We are kind to poor people. We help them very gladly. They are men like us. They live in this world. They are in need of food and clothes. They sleep on the floor. It is our duty to provide them with nice beds.
4. Fauzia is my sister. She prays five times a day. She leads a noble life. Alas! She has lost her purse. She weeps over her loss.

یاد رکھئے کہ انگریزی سیکھنے ، سمجھنے لکھنے اور بولنے کے لئے PARTS OF SPEECH کی پہچان ایک بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے کیونکہ اِلفاظ کی پہچان کے بغیر اُن کے صحیح اِستعمال کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ اِس لئے مندرجہ بالا فقروں کے ہر ایک لفظ کو پہچان کر لکھ لیجئے کہ وہ کون سا PART OF SPEECH ہے ۔ پھر اسے انگریزی کے کسی ماہر معلم کو دکھا کر اپنا اِطمینان بھی کر لیجئے کہ آپ کی پہچان صحیح ہے یا غلط ۔ لیکن اگر آپ کسی ماہر معلم کی خدمات حاصل نہ کر سکیں تو جواب کے لئے ٹکٹ والے جوابی لفافہ (جس پر آپ نے اپنا مکمل پتہ بھی خود ہی لکھ رکھا ہو) بھیج کر پرنسپل ماڈرن اکیڈمی 23 (این) سمن آباد لاہور سے رابطہ قائم کیجئے اور نہ صرف یہ مشق بلکہ اس کتابچے کی باقی ماندہ تمام حل طلب مشقوں کی اصلاح کا بھی معاملہ طے کر لیجئے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# CHAPTER ONE

## 1. THE NOUN

### 1. KINDS OF NOUNS

تمہید میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ NOUN (جسے اُردو میں "اِسم" کہا جاتا ہے) کسی شخص یا جگہ یا چیز کا نام ہوتا ہے۔ اُردو میں اِسم کی دو قسموں (اِسم معرفہ اور اِسم نکرہ) کے برعکس انگریزی میں NOUN کی پانچ قسمیں ہیں۔ ہر ایک قسم کا مختصر حال درج ذیل ہے۔

### 1. COMMON NOUN

یہ کئی شخصوں (جیسے man یا woman یا boy یا girl) یا کئی حیوانوں (جیسے cow یا horse یا lion) یا کئی پرندوں (جیسے crow یا cock یا parrot) یا کئی جگہوں (جیسے house یا mosque یا shop) یا کئی چیزوں (جیسے pen یا star یا radio) کا مشترک نام ہوتا ہے۔ یہ "واحد" بھی ہوتا ہے اور "جمع" بھی اور (اِنسانوں، حیوانوں یا پرندوں وغیرہ کی) جنس کے لحاظ سے "مذکر" بھی اور "مؤنث" بھی۔

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا اُصول نمبر 1**

اِسے ہمیشہ — جب تک یہ کسی فقرے کے شروع میں نہ آ جائے — چھوٹے حرف (small letter) سے شروع کیا جاتا ہے، جیسے :—

1. *Horses* eat *grass*.
2. The old *man* has bought a red *cow*.
3. The *hen* lays *eggs*.
4. I saw a *tiger* in the *zoo*.
5. Have you got a *knife* in your pocket.



### 2. PROPER NOUN

یہ کسی خاص ہستی (جیسے God)، کسی خاص شخص (جیسے Pervaiz یا Khalidah)، کسی خاص جگہ (جیسے Karachi یا Saudi Arabia) یا کسی خاص چیز (جیسے Holy Quran) کا نام ہوتا ہے اور اپنے مخصوص اَوصاف کے باعث کسی اور ہستی یا شخص یا جگہ یا چیز کے لئے اِستعمال نہیں ہو سکتا۔

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا اُصول نمبر 2**

اِسے ہمیشہ اور ہر جگہ — تنہا بھی اور فقرے میں بھی — بڑے حرف (capital letter) سے شروع کیا جاتا ہے، جیسے :—

1. Karachi.
2. England.
3. Muhammad Ali Jinnah.
4. Liaqat Ali Khan.
5. Shah Khalid went from Murree to Islamabad.
6. The Quaid-i-Azam founded Pakistan.

(نوٹ) اگر یہ دو لفظوں (جیسے Allama Iqbal) یا دو سے زیادہ لفظوں (جیسے Zafar Ali Khan یا United States of America) پر مشتمل ہو تو ہر ایک لفظ بڑے حرف (capital letter) سے شروع ہوگا۔

### 3. COLLECTIVE NOUN

یہ کئی شخصوں کے مجموعے کا نام ہوتا ہے (جیسے team یا army) یا کئی جگہوں کے مجموعے کا (جیسے town یا bazaar) یا کئی چیزوں کے مجموعے کا (جیسے dozen یا library)۔ یہ مجموعے سے الگ کرکے کسی ایک شخص یا ایک جگہ یا ایک چیز کے لئے اِستعمال نہیں ہو سکتا۔ اِسے بھی COMMON NOUN کی طرح ہمیشہ — جب تک یہ کسی فقرے کے شروع میں نہ آ جائے — چھوٹے حرف (small letter) سے شروع کیا جاتا ہے، جیسے :—

www.iqbalkalmati.blogspot.com



1. He bought a *dozen* bananas from the *bazaar*.
2. Is our *team* returning from the *library* ?
3. *Armies* fight for the honour of their countries.

(ب) یہ بھی COMMON NOUN کی طرح "واحد" بھی ہوتا ہے اور "جمع" بھی۔ لیکن اس میں "جنس" یعنی "تذکیر و تانیث" کا کوئی دخل نہیں ہوتا۔

### 4. MATERIAL NOUN

یہ کسی ایسی چیز کا نام ہوتا ہے جس سے بہت سی چیزیں بنتی ہیں (جیسے iron یا wood یا cotton یا milk)۔ اسے بھی COMMON NOUN کی طرح — جب تک کسی فقرے کے شروع میں نہ آ جائے — ہمیشہ چھوٹے حرف (small letter) سے ہی شروع کیا جاتا ہے، جیسے:—

1. *Iron* is a useful metal.
2. Is not *gold* dearer than *silver* ?
3. We buy two kilos of *milk* every day.

(نوٹ) یہ شاذو نادر ہی بطور "جمع" استعمال ہوتا ہے۔

### 5. ABSTRACT NOUN

یہ کسی ایسی چیز کا نام ہوتا ہے جسے ہم نہ دیکھ سکتے ہیں، نہ چکھ سکتے ہیں اور نہ ہی چھو سکتے ہیں کیونکہ اس کا اپنا کوئی وجود ہی نہیں ہوتا۔ یہ کسی "حالت" یا "کیفیت" کا نام ہوتا ہے اور ہم اس کا صرف تصور ہی کر سکتے ہیں۔ یہ بھی COMMON NOUN کی طرح — جب تک یہ کسی فقرے کے شروع میں نہ آ جائے — چھوٹے حرف (small letter) ہی سے شروع ہوتا ہے، جیسے:—

1. *Colic* (پیٹ درد) and *headache* are very troublesome.
2. Good *health* is a blessing.
3. *Union* is *strength*.
4. He is suffering from *cold* (زکام) and *fever*.



اگر آپ NOUNS کی قسموں کے اس بیان کو اچھی طرح سمجھ چکے ہوں تو ذیل کی مشق کو حل کیجئے:—

## EXERCISE 1

**I. Five Nouns are given in each of the following lines. Make them ten, by adding five more, in each case :—**

1. Common Nouns : (*a*) elephant. (*b*) river. (*c*) motor car. (*d*) doctor. (*e*) radio.
2. Proper Nouns : (*a*) Islamabad. (*b*) Mecca. (*c*) America. (*d*) Hali. (*e*) Nawa-i-Waqt.
3. Collective Nouns : (*a*) Class. (*b*) club. (*c*) bazaar. (*d*) crowd. (*e*) furniture.
4. Material Nouns : (*a*) copper. (*b*) cotton. (*c*) rubber. (*d*) wheat. (*e*) wool.
5. Abstract Nouns : (*a*) beauty. (*b*) heat. (*c*) anger. (*d*) joy. (*e*) life.

**II. Use any four Nouns of each kind in sentences of your own. Underline the Noun you use and state its kind in brackets at the end of the sentence.**

## 2. NUMBER

"شمار" کے لحاظ سے NOUN دو طرح کا ہوتا ہے — "واحد" اور "جمع"۔ جب کسی NOUN سے مراد صرف "ایک ہی شخص" یا "ایک ہی جگہ" یا "ایک ہی چیز" ہو (جیسے man یا table یا pen یا mosque) تو اسے اردو میں "واحد" اور انگریزی میں SINGULAR کہا جاتا ہے۔ لیکن جب کسی NOUN سے "ایک سے زیادہ" اشخاص یا "ایک سے زیادہ" جگہیں یا "ایک سے زیادہ" چیزیں مراد ہوں تو اسے اردو میں "جمع" اور انگریزی میں PLURAL کہا جاتا ہے (جیسے men یا mosques یا tables)۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی طرف پہلا اہم قدم**

جو فقرے ہم لکھتے یا بولتے ہیں اُن میں NOUNS بڑی کثرت سے استعمال ہوتے ہیں SINGULAR بھی اور PLURAL بھی۔ لیکن اگر NOUNS کے PLURALS ہی غلط ہوں تو فقرے لازمی طور پر غلط ہوں گے۔ اِس لئے NOUNS کو PLURAL بنانے کے قاعدوں کا جاننا بھی ضروری ہے اور اُن کے PLURALS کا — ہجوں اور معانی سمیت — زبانی یاد ہونا بھی۔ ذیل کے ایک درجن قاعدے اور اُن کے بعد دی ہوئی فہرست اِن ہی ضروریات کو پورا کرنے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔

**SINGULAR سے PLURAL بنانے کے قاعدے**

انگریزی میں NOUNS کو SINGULAR سے PLURAL بنانے کے کئی قاعدے ہیں جو درج ذیل ہیں:—

(1) اکثر و بیشتر NOUNS کے آخر میں s لگا دینے سے وہ SINGULAR سے PLURAL بن جاتے ہیں (جیسے door سے doors یا train سے trains)۔

(2) جب کسی NOUN کے آخر میں s یا x یا ch یا sh آ رہا ہو تو اُس کے آخر میں es لگانے سے اُس کا PLURAL بن جاتا ہے (جیسے bus سے buses یا fox سے foxes یا bench سے benches یا bush سے bushes)۔

(3) جب کسی NOUN کے آخر میں y آ رہی ہو تو اُسے ies میں تبدیل کرنے سے اُس کا PLURAL بن جاتا ہے (جیسے fly سے flies) بشرطیکہ اِس سے پہلے کوئی VOWEL (یعنی a یا e یا i یا o یا u نہ ہو)۔ لیکن اگر y سے پہلے اِن میں سے کوئی حرف



بھی ہو تو y کے بعد صرف s لگانا ہی کافی ہوگا (جیسے boy سے boys یا key سے keys یا day سے days)۔

(4) جب کسی NOUN کے آخر میں f یا fe ہو تو f یا fe کو ves میں تبدیل کرنے سے اُس کا PLURAL بن جاتا ہے (جیسے wife سے wives یا knife سے knives یا calf سے calves)۔

(5) جب کسی NOUN کے آخر میں f اور اُس سے فوراً پہلے کوئی سے دو VOWELS (یعنی a، e، i، o، u) اِکھٹے آ رہے ہوں تو اُس کے آخر میں صرف s لگانے سے ہی اُس کا PLURAL بن جاتا ہے جیسے roof سے roofs یا chief سے chiefs یا tree سے trees)۔

(6) جب کسی NOUN کے آخر میں o ہو اور اُس سے فوراً پہلے کوئی CONSONANT آ جائے، تو اُس کے آخر میں عموماً es لگانے سے اُس کا PLURAL بن جاتا ہے (جیسے mango سے mongoes اور pototo سے potatoes)۔ (پانچ Vowels کے علاوہ باقی ماندہ اِکیس حروف Consonants کہلاتے ہیں)۔

(7) کچھ NOUNS ایسے بھی ہیں کہ اُن کے PLURAL اُن کے اندرونی VOWELS کی تبدیلی سے بنتے ہیں (جیسے man سے men یا foot سے feet)۔

(8) جب کوئی NOUN دو یا تین لفظوں سے مل کر بنا ہو تو اُس کا PLURAL اُن میں اہم تر (یعنی MORE IMPORTANT) لفظ کا PLURAL لگانے سے بن جاتے ہیں (جیسے step-brother سے step-brothers اور editor-in-chief سے editors-in-chief)۔

(9) کچھ NOUNS ایسے بھی ہیں کہ وہ بطور SINGULAR بھی استعمال ہوتے ہیں اور بطور PLURAL بھی (جیسے deer یا sheep)۔

(10) کچھ NOUNS ایسے بھی ہیں کہ وہ آخر میں s کے باعث دکھائی تو PLURAL دیتے ہیں۔ لیکن ہمیشہ SINGULAR ہی استعمال

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہوتے ہیں (جیسے civics یا mathematics یا physics یا statistics)۔

(11) کچھ NOUNS ایسے بھی ہیں جو اِن قاعدوں کے علاوہ دوسرے طریقوں سے بھی PLURAL بنتے ہیں (جیسے mouse سے mice یا child سے children)۔

(12) حرفوں کے PLURAL اُن کے آخر میں apostrophe s ('s) لگانے سے بنتے ہیں اور ہندسوں کے بھی (جیسے t سے t's اور 7 سے 7's)۔

اب ذیل میں چند کثیر الاستعمال NOUNS کے SINGULARS اور PLURALS لکھ دئے گئے ہیں۔ اِنہیں ہجوں اور معانی سمیت روزانہ دس دس پندرہ پندرہ کے حساب سے زبانی یاد کرکے بار بار دہراتے رہئے تاکہ وہ آپ کو اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں۔

| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| | 1 | |
| A | اے | A's |
| actor | ادا کار | actors |
| aeroplane | | aero- |
| | ہوائی جہاز | planes |
| age | عمر - زمانہ | ages |
| agent | کاشتہ | agents |
| animal | حیوان | animals |
| answer | جواب | answers |
| ant | چیونٹی | ants |
| apple | سیب | apples |
| arm | بازو | arms |
| army | بری فوج | armies |

| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| ass | گدھا | asses |
| attack | حملہ | attacks |
| aunt | چچی - خالہ - | aunts |
| | پھوپھی - ممانی | |
| author | مصنف | authors |
| | 2 | |
| axe | کلہاڑی | axes |
| B. A. | بی - اے | B.A.'s |
| baby | بچہ - بچی | babies |
| B | بی | B's |
| bag | تھیلا | bags |
| ball | گیند | balls |
| bamboo | بانس | bamboos |



| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| basket | ٹوکری | baskets |
| bath | غسل | baths |
| bath-room | | bath- |
| | غسل خانہ | rooms |
| battle | لڑائی | battles |
| beast | درندہ | beasts |
| bed | بستر | beds |
| bed-room | خواب گاہ | bed- |
| | | rooms |
| beggar | فقیر - گداگر | beggars |
| | 3 | |
| belief | عقیدہ - یقین | beliefs |
| bell | گھنٹی | bells |
| bench | بینچ | benches |
| berth | ریل کے ڈبے | berths |
| | میں سونے کی جگہ | |
| bicycle | بائیسکل | bicycles |
| bird | پرندہ | birds |
| boat | کشتی | boats |
| boatman | ملاح | boatmen |
| body | جسم | bodies |
| bomb | بم | bombs |
| bone | ہڈی | bones |
| bottle | بوتل | bottles |
| box | ڈبہ | boxes |
| branch | شاخ | branches |

| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| bride | دلہن | brides |
| | 4 | |
| bride-groom | | bride- |
| | دولہا | grooms |
| bridge | پل | bridges |
| broom | جھاڑو | brooms |
| brother | بھائی | brothers |
| brother-in-law | | brothers- |
| | سالا - ہم زلف - بہنوئی | in-law |
| buffalo | بھینس | buffaloes |
| bush | جھاڑی | bushes |
| calf | بچھڑا | calves |
| camel | اونٹ | camels |
| camera | کیمرہ | cameras |
| cap | ٹوپی | caps |
| cap-seller | | cap- |
| | ٹوپی فروش | sellers |
| captain | کپتان | captains |
| carriage | گاڑی | carriages |
| cart | گاڑی - چھکڑا | carts |
| | 5 | |
| cat | بلی | cats |
| cattle | مویشی | cattle |
| chief | سردار | chiefs |
| chair | کرسی | chairs |
| child | بچہ | children |

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| church | گرجا | churches |
| city | شہر | cities |
| class | جماعت | classes |
| class-fellow | ہم جماعت | class-fellows |
| class-room | جماعت کا کمرہ | class-rooms |
| class-teacher | کلاس ٹیچر | class-teachers |
| clock | کلاک ۔ گھنٹہ | clocks |
| clock-tower | گھنٹہ گھر | clock-towers |
| cloth | کپڑا | cloths / clothes |
| cloth-merchant | کپڑے کا سوداگر | cloth-merchants |
| | 6 | |
| cloud | بادل | clouds |
| cock | مرغا ۔ مرغ | cocks |
| coach-man | کوچوان | coach-men |
| colour | رنگ | colours |
| comb | کنگھا | combs |
| commander-in-chief | سپاہ سالار | commanders-in-chief |

| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| cook | باورچی | cooks |
| copy | نقل | copies |
| corner | گوشہ | corners |
| country | ملک | countries |
| cow | گائے | cows |
| crisis | بحران | crises |
| crow | کوا | crows |
| crowd | ہجوم | crowds |
| | 7 | |
| crown | تاج | crowns |
| cry | چیخ | cries |
| cuckoo | کوئل | cuckoos |
| cup | پیالہ | cups |
| daughter | بیٹی | daughters |
| daughter-in-law | بہو | daughters-in-law |
| day | دن | days |
| deer | ہرن | deer |
| desk | ڈیسک | desks |
| dice | پانسہ | dice |
| die | ٹھپہ | dies |
| doctor | طبیب ۔ معالج | doctors |
| donkey | گدھا | donkeys |
| door | دروازہ | doors |
| dozen | درجن | dozen / dozens |



| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| | 8 | |
| eagle | عقاب | eagles |
| ear | کان | ears |
| echo | گونج | echoes |
| egg | انڈہ | eggs |
| example | مثال | examples |
| face | چہرہ | faces |
| family | کنبہ ۔ خاندان | families |
| fan | پنکھا | fans |
| farmer | کاشتکار | farmers |
| father | باپ | fathers |
| father-in-law | خسر | fathers-in-law |
| fish | مچھلی | fish / fishes |
| fly | مکھی | flies |
| foot | پاؤں ۔ فٹ | feet |
| formula | کلیہ | formulae / formulas |
| fort | قلعہ | forts |
| game | کھیل | games |
| | 9 | |
| garden | باغ | gardens |
| gate | پھاٹک | gates |
| gentleman | شریف آدمی | gentlemen |
| giant | دیو | giants |

| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| girl | لڑکی | girls |
| glass | شیشہ | glasses |
| goat | بکرا | goats |
| goose | ہنس | geese |
| governor | حاکم | governors |
| grief | غم | griefs |
| group | گروہ | groups |
| gulf | خلیج | gulfs |
| gun | بندوق | guns |
| half | آدھا | halves |
| hall | ہال | halls |
| | 10 | |
| hand | ہاتھ | hands |
| handcuff | ہتھکڑی | handcuffs |
| handful | مٹھی بھر | handfuls |
| handle | دستہ | handles |
| head | سر | heads |
| headmaster | صدر معلم ۔ ہیڈ ماسٹر | headmasters |
| hen | مرغی | hens |
| hero | بہادر | heroes |
| hill | پہاڑی | hills |
| holiday | تعطیل | holidays |
| hoof | سم | hoofs / hooves |

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| hope | اُمید | hopes |
| horn | سینگ | horns |
| hour | گھنٹہ | hours |
| house | گھر | houses |
| housewife | گھرستن ۔ گھر والی | housewives |
| | 11 | |
| hut | جھونپڑی | huts |
| ink | سیاہی | inks |
| inkpot | دوات | inkpots |
| jar | مرتبان | jars |
| journey | سفر | journeys |
| judge | جج | judges |
| jug | جگ | jugs |
| key | چابی | keys |
| king | بادشاہ | kings |
| kite | پتنگ ۔ چیل | kites |
| knee | گھٹنا | knees |
| knife | چاقو ۔ چھری | knives |
| lad | لڑکا | lads |
| lady | خاتون | ladies |
| law | قانون | laws |
| | 12 | |
| leaf | پتا ۔ ورق | leaves |
| lesson | سبق | lessons |
| letter | حرف ۔ چٹھی | letters |
| library | دارالکتب | libraries |
| life | زندگی | lives |
| lion | ببرشیر | lions |
| lip | ہونٹ ۔ لب | lips |
| lip-stick | لپ سٹک | lip-sticks |
| list | فہرست | lists |
| loafer | آوارہ | loafers |
| loaf | روٹی | loaves |
| lock | تالا | locks |
| locker | لاکر ۔ قفل الماری | lockers |
| looker-on | تماشائی | lookers-on |
| lorry | لاری | lorries |
| louse | جوں | lice |
| | 13 | |
| maid | دوشیزہ ۔ لونڈی | maids |
| maid-servant | نوکرانی | maid-servants |
| man | آدمی | men |
| mango | آم | mangoes |
| man-servant | نوکر | men-servants |
| match | مقابلہ | matches |
| minute | منٹ | minutes |
| master | اُستاد | masters |



| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| meeting | جلسہ | meetings |
| mischief | شرارت | mischiefs |
| merchant | سوداگر | merchants |
| Miss Arif | مس عارف | Misses Arif / Miss Arifs |
| mistake | غلطی | mistakes |
| monkey | بندر | monkeys |
| morning | صبح | mornings |
| mosque | مسجد | mosques |
| | 14 | |
| mosquito | مچھر | mosquitoes |
| mother | ماں | mothers |
| mother-in-law | ساس ۔ خوش دامن | mothers-in-law |
| mountain | پہاڑ | mountains |
| mouse | چوہا | mice |
| mouth | منہ | mouths |
| Mr. | مسٹر | Messrs. |
| Mrs. | بیگم | Mesdames |
| nail | ناخن | nails |
| name | نام | names |
| nation | قوم | nations |
| negro | حبشی | negroes |
| news | خبر | news |
| newspaper | اخبار | newspapers |
| | 15 | |
| nose | ناک | noses |
| nurse | نرس ۔ دایہ | nurses |
| oasis | نخلستان | oases |
| office | دفتر | offices |
| officer | افسر | officers |
| orange | سنترہ | oranges |
| owl | اُلّو | owls |
| ox | بیل | oxen |
| page | صفحہ | pages |
| pain | درد | pains |
| pair | جوڑا | pairs |
| paisa | پیسہ | paisa |
| palace | محل | palaces |
| paper | کاغذ | papers |
| part | حصہ | parts |
| passenger | مسافر | passengers |
| passer-by | راہ گیر | passers-by |
| | 16 | |
| pea-cock | مور | pea-cocks |

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| pen | قلم | pens |
| pencil | پنسل | pencils |
| people | لوگ | peoples |
| photo | فوٹو | photos |
| picture | تصویر | pictures |
| piece | ٹکڑا | pieces |
| place | جگہ | places |
| plant | پودا | plants |
| plate | رکابی | plates |
| pocket | جیب | pockets |
| potato | آلو | potatoes |
| prince | شہزادہ | princes |
| princess | شہزادی | princess-es |
| prison | قید خانہ | prisons |
| | 17 | |
| prisoner | قیدی | prisoners |
| promise | وعدہ | promises |
| proof | ثبوت | proofs |
| quarter | کوارٹر - چوتھائی | quarters |
| radius | نصف قطر | radii |
| result | نتیجہ | results |
| river | دریا | rivers |
| road | سڑک | roads |
| robber | ڈاکو | robbers |

| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| rock | چٹان | rocks |
| roof | چھت | roofs |
| room | کمرہ | rooms |
| rule | قاعدہ - لکیر | rules |
| safe | تجوری | safes |
| scarf | گلوبند | scarves / scarfs |
| | 18 | |
| score | کوڑی | score : scores |
| sea | سمندر | seas |
| second | سیکنڈ | seconds |
| sheep | بھیڑ | sheep |
| shelf | الماری کا تختہ | shelves |
| ship | جہاز | ships |
| shirt | قمیص | shirts |
| sister | بہن | sisters |
| sister-in-law | بھاوج - سالی - نند | sisters-in-law |
| sky | آسمان | skies |
| soldier | فوجی - سپاہی | soldier |
| son | بیٹا | sons |
| son-in-law | داماد | sons-in-law |
| spoon | چمچا | spoons |
| subject | مضمون | subject |



| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| | 19 | |
| star | ستارہ | stars |
| station | سٹیشن | stations |
| step | قدم | steps |
| stick | چھڑی | sticks |
| student | طالب علم - طالبہ | students |
| storey | منزل | storeys |
| story | کہانی | stories |
| stream | ندی | streams |
| street | گلی | streets |
| table | میز | tables |
| tailor | درزی | tailors |
| teacher | استاد - استانی | teachers |
| tear | آنسو | tears |
| thief | چور | thieves |
| tooth | دانت | teeth |
| | 20 | |
| ticket | ٹکٹ | tickets |
| town | قصبہ | towns |
| toy | کھلونا | toys |
| train | گاڑی | trains |
| traveller | مسافر | travellers |
| umbrella | چھتری | um-brellas |
| umpire | امپائر - فیصلہ دینے والا | umpires |

| Singular | | Plural |
|---|---|---|
| valley | وادی | valleys |
| village | گاؤں | villages |
| villager | دیہاتی | villagers |
| voice | آواز | voices |
| vote | ووٹ - رائے | votes |
| voter | ووٹر - رائے دہندہ | voters |
| wall | دیوار | walls |
| want | ضرورت | wants |
| | 21 | |
| war | جنگ | wars |
| washerman | دھوبی | washer-men |
| watch | گھڑی | watches |
| watchman | چوکیدار | watch-men |
| week | ہفتہ | weeks |
| wheel | پہیہ | wheels |
| widow | بیوہ | widows |
| widower | رنڈوا | widower |
| wife | بیوی | wives |
| witch | جادوگرنی | witches |
| wizard | جادوگر | wizards |
| wolf | بھیڑیا | wolves |
| woman | عورت | women |
| year | سال | years |
| zebra | گورخر - زیبرا | zebras |

www.iqbalkalmati.blogspot.com



### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 3

جب کوئی SINGULAR NOUN کسی مثبت (AFFIRMATIVE) فقرے میں بطور SUBJECT استعمال ہو رہا ہو تو VERB کی پہلی FORM — اگر وہ فقرے میں ہو — کے آخر میں s یا es کا اضافہ ہو جاتا ہے، جیسے :—

1. My brother *prays* five times a day.
2. Her servant *goes* to the market at 9 O'clock.

### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 4

جب کوئی PLURAL NOUN کسی مثبت (AFFIRMATIVE) فقرے میں بطور SUBJECT استعمال ہو رہا ہو تو VERB کی پہلی FORM — اگر وہ فقرے میں ہو — کے آخر میں نہ s کا اضافہ ہوتا ہے نہ es کا، جیسے :—

1. Birds *fly* in the air.
2. Children *play* football.

اب ذیل کی EXERCISE کو حل کیجئے :—

## EXERCISE 2

**I. (a) Give the plurals of the following and use them in sentences :—**

1. mango. 2. M L A. 3. bamboo. 4. proof. 5. crisis. 6. lady 7. leaf. 8. brother-in-law.

**(b) Give the Singulars of the following and use them in sentences :—**

1. feet. 2. paisa. 3. storeys. 4. stories. 5. weeks. 6. gentlemen. 8. teeth.



**(c) Change the Number of the following and use them in sentences :—**

1. potato. 2. oxen. 3. negro. 4. passer-by. 5. sheep 6. step-mother 7. wolf. 8. Children.

**II. Rewrite the following, filling the blanks with suitable words given within brackets at the end of each sentence :—**

1. Cats...... in the sun in winter. (*sit* : *sits*). 2. Children ......in ink. (*write* : *writes*). 3. An author......in his office for many hours. (*work* : *works*). 4. My father ......home late after sunset. (*return* : *returns*). 5. Birds of a feather......together (*flock* : *flocks*). 6. Fools...... in where angels......to tread. (*rush* : *rushes* , *fear* : *fears*). 7. The eggs of this bird......very beautiful to look at. (*is* : *are*). 8. Mice,......in holes. (*live* : *lives*).

**III. Rewrite the following in sentences, changing the number of Nouns and making other changes where necessary :—**

1. Dogs eat bones. 2. The cow gives milk. 3. The horses of my neighbours are very beautiful to look it. 4. Flies spread cholera. 5. This bed-room needs repair. 6. Hens lay eggs. 7. These news are not surprising. 8. A cloth-merchant is very happy these days.

## 3. GENDER

اُردو میں اہل زبان ہر "اسم" کو خواہ وہ کسی جاندار کا نام ہو یا بے جان [illegible] "نر" یا "مادہ" ہونے کی [illegible] "مذکر" تسلیم کرتے ہیں یا "مؤنث" [illegible] GENDER کے نام سے [illegible] اور گرامر دانوں نے [illegible] اُردو کی دو قسموں کے [illegible] قسمیں مانی ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں :—

**1. MASCULINE**

جو NOUN کسی "نر" یا [illegible] مخلوق کے لیے استعمال ہوتا ہے [illegible]

www.iqbalkalmati.blogspot.com



MASCULINE GENDER کہا جاتا ہے (جیسے man یا horse یا tiger یا cock)۔

**2. FEMININE**

جو NOUN کسی "مادہ" یا "مؤنث" مخلوق کے لئے استعمال ہوتا ہو اُسے FEMININE GENDER کا NOUN کہا جاتا ہے (جیسے woman یا mare یا tigress یا hen)۔

**3. COMMON**

جو NOUN "نر" اور "مادہ" — یا "مذکر" و "مؤنث" دونوں طرح کی مخلوق کے لئے استعمال ہوتا ہے اُسے COMMON GENDER کا NOUN (جیسے doctor یا teacher یا friend یا neighbour)۔

**4. NEUTER**

جو NOUN کسی بے جان چیز کے لئے استعمال ہوتا ہے اُسے NEUTER GENDER کا NOUN کہا جاتا ہے (جیسے house یا pen یا cup)۔

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی طرف دوسرا اہم قدم**

جو فقرے ہم لکھتے یا بولتے ہیں اُن میں MASCULINE NOUNS کی طرح FEMININE NOUNS بھی استعمال ہوتے ہیں۔ لیکن اگر وہ FEMININE NOUNS ہی غلط ہوں، تو فقرے لازمی طور پر غلط ہوں گے۔ اِس لئے NOUNS کے FEMININE بنانے کے قاعدوں کا جاننا بھی ضروری ہے اور — ہجوں اور معانی سمیت — دونوں GENDERS کا زبانی یاد ہونا بھی۔ آگے صفحہ پر دئے ہوئے چند قاعدے اور اُن کے بعد صفحات 26، 27 پر دی ہوئی فہرست اِسی ضروری بات کو پورا کرنے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔



**MASCULINE سے FEMININE بنانے کے قاعدے**

انگریزی میں MASCULINE سے FEMININE بنانے کے چند قاعدے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:—

(1) کچھ NOUNS ایسے ہیں کہ اُن کے آخر میں ess لگانے سے اُن کے FEMININE بن جاتے ہیں (جیسے lion سے lioness یا poet سے poetess)۔

(2) کچھ NOUNS ایسے ہیں کہ اُن کے آخری VOWEL یا آخری CONSONANT سے پہلے VOWEL کو حذف کر کے اُن کے آخر میں ess لگا دیا جاتا ہے (جیسے negro سے negress یا hunter سے huntress)۔

(3) کچھ NOUNS ایسے ہیں کہ اُن کے آخر میں ess لگانے کے علاوہ اُن کے ہجوں میں کچھ اور کمی بیشی بھی کی جاتی ہے (جیسے god سے goddess یا governor سے governess)۔

(4) کچھ NOUNS ایسے بھی ہیں کہ اُن کے شروع میں (یا آخر میں) کچھ اِضافہ یا رد و بدل کیا جاتا ہے (جیسے doctor سے lady-doctor یا pea-cock سے pea-hen)۔

(5) کچھ NOUNS ایسے بھی ہیں کہ اُن کے FEMININES کے لئے — MASCULINES کے مقابلے میں — بالکل مختلف اِلفاظ ہیں (جیسے son سے daughter یا horse سے mare)۔

اب ذیل میں چند کثیر الاستعمال NOUNS کے MASCULINES اور FEMININES لکھ دئے گئے ہیں۔ انہیں — ہجوں اور معانی سمیت — روزانہ دس دس پندرہ پندرہ کے حساب سے — زبانی یاد کر کے بار بار دہراتے رہیے تاکہ یہ اچھی طرح آپ کے ذہن نشین ہو جائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Masculine | | Feminine |
|---|---|---|
| | 1 | |
| actor | اداکار | actress |
| author | مصنف | authoress |
| bachelor | کنوارہ | maid |
| boy | لڑکا | girl |
| bride-groom | دولہا | bride |
| brother | بھائی | sister |
| buck | ہرن | doe |
| bull | بیل | cow |
| bullock | بیل | heifer |
| cock | مرغ | hen |
| | 2 | |
| colt | بچھڑا | filly |
| doctor | طبیب | lady-doctor |
| dog | کتا | bitch |
| drake | مرغابی | duck |
| drone | شہد کی مکھی کا نر | bee |
| duke | ڈیوک | duchess |
| emperor | شہنشاہ | empress |
| father | باپ | mother |
| father-in-law | خسر | mother-in-law |
| fisherman | مچھیرا | fishwife |

| Masculine | | Feminine |
|---|---|---|
| | 3 | |
| fox | لومڑ | vixen |
| gentleman | | lady |
| giant | جن | giantess |
| god | دیوتا | goddess |
| governor | حاکم | governess |
| grandfather | دادا ۔ نانا | grandmother |
| grandson | پوتا ۔ دوہتا | grand-daughter |
| hart | غزال | row |
| he-goat | بکرا | she-goat |
| heir | جانشین | heiress |
| | 4 | |
| horse | گھوڑا | mare |
| host | میزبان | hostess |
| hunter | شکاری | huntress |
| husband | خاوند | wife |
| inspector | انسپکٹر ۔ ناظر | inspectress |
| instructor | معلم | instructress |
| jack-ass | گدھا | jinny ass |
| king | بادشاہ | queen |
| lad | لڑکا | lass |
| landlord | زمیندار | landlady |



| Masculine | | Feminine |
|---|---|---|
| | 5 | |
| lord | سردار | lady |
| male | نر | female |
| man | آدمی | woman |
| man-servant | خادم | maid-servant |
| master | مالک | mistress |
| milkman | گوالا | milkmaid |
| master | لڑکا | miss |
| monitor | مانیٹر | monitress |
| monk | راہب | nun |
| Mr. | مسٹر | Mrs. |
| | 6 | |
| murderer | قاتل | murderess |
| nephew | بھتیجا ۔ بھانجا | niece |
| ox | بیل | cow |
| papa | ابا | mama |
| pea-cock | مور | pea-hen |
| poet | شاعر | poetess |
| prince | شہزادہ | princess |
| ram | مینڈھا | ewe |

| Masculine | | Feminine |
|---|---|---|
| sir | جناب | madam |
| son | بیٹا | daughter |
| son-in-law | داماد | daughter-in-law |
| | 7 | |
| stag | بارہ سنگا | hind |
| step-brother | سوتیلا بھائی | step-sister |
| step-father | سوتیلا باپ | step-mother |
| step-son | سوتیلا بیٹا | step-daughter |
| swan | راج ہنس | nymph |
| tailor | درزی | seamstress |
| tiger | شیر | tigress |
| uncle | چچا ۔ ماموں ۔ خالو ۔ پھوپھا | aunt |
| washerman | دھوبی | washer-woman |
| widower | رنڈوا | widow |
| wizard | جادوگر | witch |

اب اگلے صفحہ پر دی ہوئی مشق کو حل کیجئے ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## EXERCISE 3

I. (*a*) **Give the feminines of the following and use them in sentences :—**

1. bull. 2. lord. 3. ewe. 4. ram.

(*b*) **Give the Masculines of the following and use them in sentences :—**

1. bride. 2. milkmaid. 3. nun. 4. hind.

(*c*) **Give the opposite Genders of the following and use them in sentences :—**

1. actor. 2. bee. 3. dog. 4. tailor.

II. **Rewrite the following, changing the Gender of Nouns :—**

1. The doctor examined the eyes of the king. 2. Her uncle is an heir to this property. 2. The prince was riding a horse. 4. My grandfather was their landlord. 5. Did the hunter fire at the tiger ? 6. The lion killed the stag in no time. 7. "Sir," said the maid to me, "your niece has fallen ill." 8. Mr. Naveed met my papa on the platform.

## 4. CASE

لغوی معنی تو CASE کے "مقدمہ" بھی ہیں اور "معاملہ" بھی۔ لیکن گریمر میں اِس سے مراد ہے "فقرے میں کسی NOUN کے استعمال کی وہ صورت جس سے کسی دوسرے لفظ کے ساتھ اُس کے تعلق کا پتہ چلتا ہو"۔ اِس کی تین صورتیں خاص طور پر قابل ذکر ہیں :—

**1. NOMINATIVE CASE**

جب کوئی NOUN بطور SUBJECT استعمال ہو رہا ہو تو اُسے NOMINATIVE CASE کا NOUN کہا جاتا ہے (جیسے Mother loves us میں Mother یا Boys go to School میں Boys)۔



**2. POSSESSIVE CASE**

جب ایک NOUN کے ساتھ کسی دوسرے NOUN کے "تعلق" یا "قبضے" یا "رشتے" یا "ملکیت" کا پتہ چلتا ہو تو اُسے POSSESSIVE CASE کا NOUN کہا جاتا ہے (جیسے Roohi's father is ill میں Roohi یا Naveed's dog is barking میں Naveed یا The dog's tail is long میں dog)۔

**3. OBJECTIVE CASE**

جب کوئی NOUN بطور OBJECT استعمال ہو رہا ہو تو اُسے OBJECTIVE CASE کا NOUN کہا جاتا ہے (جیسے She has bought a car میں car یا You like sweets میں sweets)۔

پہلے اور تیسرے CASES کی شکلوں میں کوئی فرق نہیں ہوتا (جیسے Javed saw Nasim میں Javed تو NOMINATIVE CASE کا NOUN اور Nasim دوسرے یعنی OBJECTIVE CASE کا NOUN ہے۔ لیکن Nasim saw Javed میں Nasim تو NOMINATIVE CASE کا NOUN ہے اور Javed دوسرے یعنی OBJECTIVE CASE کا NOUN ہے)۔ NOMINATIVE CASE کا NOUN عموماً VERB سے پہلے آتا ہے اور OBJECTIVE CASE کا NOUN ہمیشہ VERB کے بعد آتا ہے۔ لیکن دوسرے یعنی POSSESSIVE CASE کے NOUN کے آخر میں APOSTROPHE S ('s) کا اضافہ کر دیتے ہیں (جیسے Sohail's father یا Parveen's books)۔

**درست انگریزی لکھنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی طرف**
**تیسرا اہم قدم**

جو فقرے ہم لکھتے یا بولتے ہیں اُن میں بعض ایسے بھی ہوتے ہیں جن میں "تعلق" یا "قبضے" یا "رشتے" یا "ملکیت" کا بیان

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہوتا ہے۔ لیکن اگر اُن کے اظہار کی صورت ہی گریمر کی رو سے صحیح نہ ہو تو اُن فقروں کا غلط ہونا ایک یقینی امر ہے۔ اِن ہی لغزشوں سے بچنے کے لئے ذیل کے قاعدوں کا جاننا بے حد ضروری ہے :—

**('s) APOSTROPHE S کے اِستعمال کے قاعدے**

(1) کسی جاندار کے ساتھ کسی NOUN کا "تعلق" یا "رشتہ" یا "ملکیت" ظاہر کرنے کے لئے جاندار مخلوق کے نام کے ساتھ APOSTROPHE S ('s) کا اِضافہ کر دیا جاتا ہے (جیسے Saulat's house یا a cow's tail یا a parrot's eggs)۔ اِن فقروں میں Saulat ایک شخص کا نام ہے، cow ایک حیوان کا اور parrot ایک پرندے کا۔ اِس لئے اِن میں سے ہر ایک NOUN کے آخر میں APOSTROPHE S ('s) کا اِضافہ کر دیا گیا ہے۔

(2) کسی جاندار مخلوق کے PLURAL NOUN کے آخر میں S آ رہا ہو تو اُس کے ساتھ کسی NOUN کا "تعلق" یا "رشتہ" یا "ملکیت" ظاہر کرنے کے لئے APOSTROPHE S ('s) کا نہیں بلکہ صرف APOSTROPHE (') کا اِضافہ کر دیا جاتا ہے (جیسے ladies' hair-dresser یا boys' shoes)۔

(3) بے جان چیزوں کے ناموں کے ساتھ APOSTROPHE S ('s) کا اِستعمال ممنوع ہے اور وہاں تعلق یا ملکیت یا قبضہ وغیرہ ظاہر کرنے کے لئے of کو اِستعمال کرنا پڑتا ہے (جیسے table's leg نہیں بلکہ the leg of the table یا watches' hands نہیں بلکہ the hands of watches)۔ لیکن چند صورتوں میں بے جان چیزوں کے ناموں کے ساتھ بھی APOSTROPHE S ('s) کا اِستعمال جائز قرار دیا گیا ہے، جیسے :—

(الف) "وقت" ظاہر کرنے والے NOUNS کے ساتھ (جیسے an hour's journey یا a month's holiday یا three days' leave یا a week's illness)۔



(ب) "فاصلہ" ظاہر کرنے والے NOUNS کے ساتھ (جیسے a hair's breadth یا stone's throw)۔

(ج) "وزن" ظاہر کرنے والے NOUNS کے ساتھ (جیسے kilogram's weight)۔

(د) کسی بے جان چیز کے لئے جب اُس کا ذکر اِس طرح کیا جائے کہ وہ گویا جاندار ہے (جیسے at death's door یا for honour's sake)۔

4. بے جان چیزوں کے ناموں کی طرح جاندار مخلوق کے ساتھ کسی NOUN کا "تعلق" یا "رشتہ" یا "ملکیت" ظاہر کرنے کے لئے بھی of کو اِستعمال کیا جا سکتا ہے (جیسے the house of my uncle یا the horns of a cow)۔ لیکن اِس صورت میں بے جان چیز کا نام of سے پہلے آتا ہے اور جاندار مخلوق کا نام of کے بعد، حالانکہ APOSTROPHE S ('s) کی صورت میں جاندار مخلوق کا نام پہلے آتا ہے اور بے جان چیز کا بعد میں (جیسے My father's coat اور the coat of my father)۔

## 5 COMMON ERRORS IN THE USE OF NOUNS

اِس مختصر سے کتابچے میں ہم نے NOUNS کے متعلق تمام ضروری باتیں بڑی تفصیل سے بیان کی ہیں تا کہ اُن کے اِستعمال میں کسی غلطی کا اِمکان باقی نہ رہے۔ اب ذیل میں ہم نے غلط فقرے بھی دے رکھے ہیں اور صحیح بھی۔ لیکن آپ صحیح فقروں کو چھپا کر غلط فقروں کو باری باری پہلے پڑھیں اور غلطیوں کو خود تلاش کر کے اُن کی تصحیح کریں۔ پھر اپنے صحیح کئے ہوئے فقروں کا مقابلہ اُن کے سامنے چھپے ہوئے صحیح فقروں سے کر کے اپنی تسلی کر لیں۔

یاد رکھئے کہ اگر آپ نے اِن صفحات کو بڑے غور سے پڑھا ہے تو آپ ہر ایک غلطی کو جھٹ پہچان لیں گے اور اُس کے غلط ہونے کی وجہ بھی بتا سکیں گے۔ لیکن وجہ جانے یا بتائے بغیر کسی فقرے کی CORRECTION کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Incorrect | Correct |
|---|---|
| 1. I am weak in mathematic. | 1. I am weak in mathematics. |
| 2. Mathemat s are very easy. | 2. Mathematics is very easy. |
| 3. These are news to me. | 3. This is a news to me |
| 4. He wrote many poetries. | 4. He wrote man poems. |
| 5. How charming those sceneries were ! | 5 How charming that scenery was ! |
| 6. Your sheeps are eating grass. | 6. Your sheep are eating grass. |
| 7. The table's leg is broken. | 7. The leg of the table is broken. |
| 8. He bought two dozens eggs. | 8. He bought two dozen eggs. |
| 9. I gave the beggar ten paisas. | 9. I gave she beggar ten paisa. |
| 10. Ca les are grazing. | 10. Cattle are grazing |
| 11. Kindly grant me three days's leave. | 11. Kindly grant me three days' leave. |
| 12. These deers are beautiful to look at. | 12. These deer are beautiful to look at. |
| 13. He fired at the three deers. | 13. He fired at the three deer. |
| 14. Your spectacles is very nice. | 14. Your spectacles are very nice. |
| 15. She obtained passing marks in arabic. | 15. She obtained pass marks in Arabic. |
| 16. Her house was full of furnitures. | 16. Her house was full of furniture. |



| Incorrect | Correct |
|---|---|
| 17. He had a five rupees note in his hand. | 17 He had a five-rupee note in his hand. |
| 18. I had to borrow two hundreds rupees, | 18. I had to borrow two handred rupees. |
| 19. You ate two loafs of bread. | 19. You ate two loaves of bread. |
| 20. These prooves are all wrong. | 20. These proofs are all wrong. |
| 21. I have an urgent work to do | 21. I have an urgent piece of work to do. |
| 22 We had a hairs' breadth escape. | 22. We had a hair's breadth escape. |
| 23 This camera's lense is very costly. | 23. The lense of this camera is very costly |
| 24 Her hairs are not golden. | 24. Her hair is not golden |
| 25 Are they his son in-laws ? | 25 Are they his son-in-law ? |

اب ذیل کی مشق کو حل کیجئے

EXERCISE 4

**Correct the following**

1. Do you sell boys caps ? 2. Your father gave me many advices. 3. We went to Karachi during the summer vacations. 4. She bought two dozens exercises books. 5. My teacher's were all M. A. S. 6. My watch's chain is made of silver. 7. I gave him twenty five paisas. 8. Her coat's colour is green. 9. He had no cloths to wear. 10. Please do not break her toy's neck. 11. Civics are my favourite subject. 12. She has two step-brothers. 13. Your sheep's are very fat. 14. Fountain's pens are very deer these days. 15. The villagers caught two thiefs.

www.iqbalkalmati.blogspot.com



CHAPTER TWO

## 2. THE PRONOUN

### 1. KINDS OF PRONOUNS

تمہید میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ PRONOUN (جسے اردو میں "اسم ضمیر" کہا جاتا ہے) وہ لفظ ہے جو کسی NOUN کی جگہ استعمال کیا جائے۔ انگریزی میں اس کی سات قسمیں ہیں۔ ہر ایک کا حال مناسب تفصیل کے ساتھ مندرجہ ذیل ہے۔

### 1. PERSONAL PRONOUNS

یعنی گفتگو کرنے والا اپنے لئے استعمال کرتا یا اس لئے کہ جس سے وہ گفتگو کرے یا اس کے لئے جس کے متعلق گفتگو کی جائے۔

گفتگو کرنے والا اردو میں "متکلم" اور انگریزی میں FIRST PERSON کہلاتا ہے۔

جس کے ساتھ گفتگو کی جائے اسے اردو میں "حاضر" یا "مخاطب" اور انگریزی میں SECOND PERSON کہا جاتا ہے۔

جس کے متعلق گفتگو کی جائے اسے اردو میں "غائب" اور انگریزی میں THIRD PERSON کہا جاتا ہے۔

تینوں PERSONS کے PRONOUNS شمار کے لحاظ سے SINGULAR بھی ہوتے ہیں اور PLURAL بھی — اور جنس کے لحاظ سے MASCULINE (یعنی "مذکر") بھی ہوتے ہیں، FEMININE (یعنی "مؤنث") بھی، COMMON (یعنی "مذکر" اور "مؤنث" دونوں کے لئے "مشترک") بھی اور NEUTER (یعنی "بےجنس" یا "بےجان") بھی۔ استعمال کی صورت کے لحاظ سے NOMINATIVE CASE کے بھی، POSSESSIVE CASE کے بھی اور OBJECTIVE CASE کے بھی۔ ... نقشے سے یہ تمام باتیں روز روشن کی طرح عیاں ہو جائیں گی۔



| Person | Number | Gender | Nominative Case فاعلی حالت | Possessive Case اضافی حالت | | Objective Case مفعولی حالت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| FIRST | *Singular* | Common | I | My | Mine | Me |
| | *Plural* | Common | We | Our | Ours | Us |
| SECOND | *Singular* | Common | Thou | Thy | Thine | Thee |
| | *Singular & Plural* | Common | You | Your | Yours | You |
| THIRD | *Singular* | Masculine | He | His | His | Him |
| | | Feminine | She | Her | Hers | Her |
| | | Neuter | It | Its | Its | It |
| | *Plural* | Common | They | Their | Theirs | Them |

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 5**

"فاعلی حالت" (یعنی NOMINATIVE CASE) کے تمام PRONOUN (I، We، Thou، You، He، She، It اور They) ہمیشہ بطور SUBJECT استعمال ہوتے ہیں، جیسے :—

1. She bought a car.
2. You will go to Karachi.
3. I read the Holy Quran.

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 6

''مفعولی حالت'' (یعنی OBJECTIVE CASE) کے تمام کے تمام PRONOUN (me، us، thee، you، him، her، it اور them) ہمیشہ بطور OBJECT اِستعمال ہوتے ہیں، جیسے :—

1. Mother loves me.
2. Zafar saw him.
3. Boys obeyed them.

## درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 7

''اِضافی حالت'' (یعنی POSSESSIVE CASE) کے پہلے کالم کے آٹھ PRONOUNS (my، our، thy، your، his، her، its اور their) کسی NOUN سے پہلے آکر بطور UBJCET بھی اِستعمال ہو سکتے ہیں (جیسے My books are new یا Its colour was red) اور کسی NOUN سے پہلے آکر بطور OBJECT بھی اِستعمال ہو سکتے ہیں (جیسے He l... my pen یا They will help their friends)۔ لیکن POSSESSIVE CASE کے دوسرے کالم کے آٹھ PRONOUNS (mine، ours، thine، yours، his، hers، its اور theirs) NOUN کی POSSESSION (یعنی قبضہ، تعلق، رشتہ یا ملکیت) ظاہر کرنے کے لئے اپنے ساتھ وابستہ کرتے ہیں وہ NOUN ... بعد نہیں بلکہ اِن سے پہلے آتے ہیں اور یہ ہمیشہ اُس کے بعد آتے ہیں (جیسے That book is mine یا The green car is not hers)۔ ذیل کے فقروں کا بڑے غور سے مطالعہ کیجئے تاکہ اِن کا اِستعمال اچھی طرح آپ کے ذہن نشین ہو جائے :—

| | | | |
|---|---|---|---|
| That cap is mine. | ← | لیکن | That is my cap. |
| This house is ours. | ← | ... | This is our house. |



| | | | |
|---|---|---|---|
| These books are yours. | ← | لیکن | These are your books. |
| The red car is hers. | ← | لیکن | Her car is red. |
| Those shirts are theirs. | ← | لیکن | Those are their shirts. |

(نوٹ) دو POSSESSIVE PRONOUNS (یعنی his اور its) دونوں طرح اِستعمال ہو سکتے ہیں (یعنی اپنے ساتھ وابستہ کئے ہوئے NOUN سے پہلے بھی اور بعد میں بھی)، جیسے :—

1. This is his watch. (*OR*) This watch is his.
2. Its egg is green. (*OR*) The green egg is its.

(نوٹ) چار PRONOUNS (یعنی thou، thy، thine اور thee) صرف نظم میں اِستعمال ہوتے ہیں یا اِنجیل اور قرآن شریف کے انگریزی ترجم میں ''اللہ تعالیٰ'' کے لئے۔

## درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 8

نہ ours کے s کے ساتھ APOSTROPHE اِستعمال ہوتا ہے ... yours کے s کے ساتھ، نہ hers کے s کے ساتھ، نہ its کے s کے ساتھ اور نہ ہی theirs کے s کے ساتھ۔ اِس لئے our's بھی غلط ہے، your's بھی غلط ہے، her's بھی غلط ہے، it's بھی غلط ہے اور their's بھی غلط ہے۔

## درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 9

اگر NOMINATIVE CASE کے تینوں PERSONS ... N... P... ایک ساتھ کسی فقرے میں آ جائیں تو اُردو میں اِن کی ترتیب خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ انگریزی میں SECOND PERSON کا PRONOUN سب سے پہلے آئے گا، پھر THIRD

www.iqbalkalmati.blogspot.com



PERSON کا PRONOUN اور سب سے آخر میں FIRST PERSON کا PRONOUN ، جیسے :—

1. **You, he and I will go to Murree tomorrow.** (۱) میں ، آپ اور وہ کل مری جائیں گے ۔

لیکن اگر کسی غلطی یا زیادتی یا قصور کا ذکر مقصود ہو تو FIRST PERSON کا PRONOUN سب سے پہلے آئے گا ، جیسے :—

2. I and he called Salim names. (۲) اس نے اور میں نے سلیم کو گالیاں دی تھیں ۔
3. We and you stole eggs. (۳) آپ نے اور ہم نے انڈے چرائے تھے ۔

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 10**

جب ایک PRONOUN دو مختلف PERSONS کے NOUNS یا PRONOUNS کے لئے استعمال ہو رہا ہو تو وہ SECOND اور FIRST کی بجائے FIRST PERSON کا PLURAL PRONOUN ہوگا ، SECOND اور THIRD کی بجائے SECOND PERSON کا PLURAL PRONOUN ہوگا اور FIRST اور THIRD کی بجائے SECOND PERSON کا PLURAL PRONOUN ہوگا ، جیسے :—

1. You and I will do **our** duty.
2. You and he have done **your** dut
3. He and I will do **our** duty.

یہ قاعدہ اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے ۔

## 2. RELATIVE PRONOUNS

جو اِلفاظ PRONOUN کا کام بھی دیں اور



ک جملے کو کسی دوسرے جملے کے ساتھ ملانے کا بھی ، انہیں RELATIVE PRONOUNS کہا جاتا ہے ۔ جیسے :—

1. I met Naheed. **Naheed** is fond of paintin
2. I met Naheed. **She** is fond of painting
3. I met Naheed **and she** is fond of painting.
4. I met Naheed **who** is fond of painting

پہلی سطر میں دو جملے (SENTENCES) ہیں ۔ دوسری سطر کے دوسرے جملے میں Naheed کی جگہ ایک PRONOUN (یعنی She) استعمال ہوا ہے ۔ تیسری سطر میں دونوں (SENTENCES) کو ایک حرف عطف (یعنی and) سے ملا دیا گیا ہے ۔ لیکن چوتھی سطر میں and اور she دونوں کی بجائے who کو جو ایک RELATIVE PRONOUN ہے ، استعمال کیا گیا ہے ۔ دوسرے RELATIVE PRONOUN جو کثرت سے استعمال ہوتے ہیں whose ، whom ، which اور that ہیں ۔

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی طرف چوتھا اہم قدم**

جو فقرے ہم لکھتے یا بولتے ہیں اِن میں یہ پانچوں RELATIVE PRONOUN (یعنی who ، whose ، whom ، that اور which) بھی استعمال ہوتے رہتے ہیں ۔ لیکن اگر ان کا استعمال ہی صحیح نہ ہو تو اُن فقروں کے درست ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ اِس لئے اِن کے استعمال کے قاعدوں کا جاننا بے حد ضروری ہے ۔

**RELATIVE PRONOUNS کے استعمال کے قاعدے**

(1) **who** اور **whom** صرف انسانوں اور اللہ تعالیٰ کے لئے استعمال ہوتے ہیں ، جیسے:

1. God *Who* is our *Creater* (خالق) knows everything
2. Farooq *who* is my nephew lives in Islamabad

www.iqbalkalmati.blogspot.com



3. The boy *whom* she met yesterday has died.
4. This is the girl *whom* you saved from drowning.

(2) which کو صرف حیوانوں ، پرندوں اور بے جان چیزوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، جیسے :-

1. He was bitten by a snake *which* was very poisonous.
2. The dog *which* bit her was mad.
3. The book *which* is new is not mine.

(3) that کو اِنسانوں کے لئے بھی اِستعمال کیا جاتا ہے . حیوانوں کے لئے بھی اور بے جان چیزوں کے لئے بھی ، جیسے :-

1. The man **that** stood there was a pickpocket.
2. The cow **that** has been bought by us is red.
3. These are the trees **that** will be planted tomorrow.

(4) **whose** کو اِنسانوں کے لئے بھی اِستعمال کیا جاتا ہے ، حیوانوں کے لئے بھی اور بے جان چیزوں کے لئے بھی ، جیسے :—

1. That is the woman **whose** husband is ill.
2. The dog **whose** tail is very short is not ours.
3. The bicycle whose colour is green has no lock.

(5) کسی RELATIVE PRONOUN کو اُس NOUN کے (جس کی طرف وہ اشارہ کر رہا ہو) زیادہ سے زیادہ قریب رکھا جاتا ہے ، جیسے :—

1. The boy who won a prize was a servant of my neighbour.



لیکن اگر اِس فقرے میں who کو جو boy کی طرف اِشارہ کر رہا ہے کسی اور جگہ پہنچا دیا جائے تو فقرے کے معنی ہی بدل جائیں گے ، جیسے :—

2. The boy was a servant of my neighbour who won a prize.

آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ پہلے فقرے میں اِنعام جیتنے والا "لڑکا" ہے اور دوسرے فقرے میں "میرا پڑوسی"، کیونکہ پہلے فقرے میں boy اور who قریب قریب ہیں اور دوسرے فقرے میں who اور my neighbour -

یہی حقیقت ذیل کے دو فقروں کے مطالعہ سے (who کی پوزیشن کی تبدیلی کے لحاظ سے) بالکل واضح ہو جائے گی -

1. (a) The old man who was a doctor had a beautiful white dog.
   (b) The old man had a beautiful white dog who was a doctor.

(6) RELATIVE PRONOUN ہمیشہ NUMBER کے لحاظ سے اُس NOUN یا PRONOUN کی مطابقت کرتا ہے جو اس سے فوراً پہلے موجود ہو ، جیسے :—

1. I who am your teacher ask you to stand up.
2. She who is my pupil always comes late.
3. You who are my friends are very dear to me.

آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ پہلے فقرے میں **am** نے **I** کی مطابقت کی ہے، دوسرے فقرے میں is نے **she** کی اور تیسرے فقرے میں **are** نے **you** کی -

اِن تمام باتوں کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینے کے بعد ذیل کی مشق کو حل کیجئے -

## EXERCISE 6

**Correct the following :—**

1. He had a dog who was a beggar. 2. The boys which come late will be punished. 3. I plucked some

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



flowers who were very beautiful. 4. You who is my neighbour is respected by me. 5. The old man was followed by his dog who was a doctor. 6. The beggar who was a pleader came for help to my uncle. 7. I who is your friend advise you to respect your elders. 8. The thief which was mad was bitten by a dog. 9. Her clothes who were new were stolen by somebody. 10. Just tell us who you want to see. 11. Happy is the man which has no cares. 12. Who was she speaking to? 13. This is not the chair whom I bought yesterday. 14. Who of these pens is yours? 15. He which was all muddy was running on the road.

## 3. REFLEXIVE PRONOUNS

انہیں COMPOUND PERSONAL PRONOUNS بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ my ،him ،her اور it کے آخر میں self اور our اور them کے بعد selves (لیکن you کے بعد self بھی اور selves بھی) لگنے سے بنتے ہیں (جیسے myself ،himself اور yourself ،yourselves ،themselves)۔ انہیں یا تو کسی PRONOUN کو زیادہ زور دار بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور یا اس بات کے اظہار کے لئے کہ فلاں شخص یا چیز نے فلاں کام خود کیا ہے۔ جیسے:

1. I shall post these letters myself.
2. He himself has gone to the market.
3. She was herself driving the car.
4. They will go to the police-station themselves

جب یہ PRONOUN کسی بیان کو زور دار بنانے کے کام آئے (جیسے مثال نمبر 2، 3) تو یہ متعلقہ NOUN یا PRONOUN کے زیادہ قریب ہوتا ہے او EMPHATIC PRONOUN کہا جاتا ہے۔



### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 11

اکیلا REFLEXIVE PRONOUN کبھی بھی کسی فقرہ میں بطور SUBJECT استعمال نہیں ہو سکتا، جیسے:—

Myself wrote a letter to him. (*wrong*).

لیکن اِس کے ساتھ اگر کوئی دوسرا PRONOUN آ جائے تو یہی فقرہ درست ہو جائے گا، جیسے:—

I myself wrote a letter to him. (*correct*).

## 4. INDEFINITE PRONOUNS

اِن PRONOUNS سے مراد کوئی معین شخص یا اشخاص یا چیز یا چیزیں نہیں بلکہ صرف عمومیت کے ساتھ ان کا (اُس کا) ذکر مقصود ہوتا ہے (جیسے some یا somebody یا one یا nobody یا many یا anyone)۔ یہ PRONOUN فقروں میں اِس طرح استعمال ہوتے ہیں:—

1. *Some* forgot my address.
2. *Somebody* must try to help her.
3. *Nobody* will come in time.
4. *Many* were injured and *many* died.
5. *One* should obey *one's* elders.

یاد رکھئے کہ some یا one یا many کے بعد جب کوئی NOUN آ جاتا ہے (جیسے some books یا one room یا some milk یا many students) تو یہ PRONOUNS نہیں رہتے بلکہ ADJECTIVES (یعنی صفت یا تعداد یا مقدار ظاہر کرنے والے اِلفاظ) بن جاتے ہیں۔

### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 12

جب one دو لوگوں میں سے ''کسی ایک'' کے لئے استعمال کیا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



جانے تو پھر اُسی one کی طرف اِشارہ کرنے کے لئے one's کے علاوہ اور کوئی PRONOUN اِستعمال نہیں ہو سکتا ، جیسے :—

One must do his duty. (*Wrong*).

یہ فقرہ his کے استعمال کے باعث غلط ہو گیا ہے ۔ لیکن "his" کی جگہ one's کے اِستعمال سے ٹھیک ہو جائے گا ، جیسے :

One must do one's duty.

PRONOUNS کی تین قسمیں اور بھی ہیں ۔ لیکن وہ چنداں اہم نہیں ہیں ۔ اِس لئے اُن کے بیان میں کسی تشریح کی ضرورت نہیں ہے ۔

## 5. DEMONSTRATIVE PRONOUNS

یہ PRONOUNS تعداد میں صرف چار ہیں اور — this, those, these, that اور کسی شخص یا اشخاص یا چیز یا چیزوں یا جگہ یا جگہوں کے قائم مقام کی حیثیت سے فقروں میں استعمال ہوتے ہیں ۔ جیسے :—

1. *This* is not mine.
2. *These* are quite useless.
3. She may buy *that*.
4. *Those* were the best.

## 6. DISTRIBUTIVE PRONOUNS

یہ PRONOUNS تعداد میں صرف تین ہیں — each ،either ،neither — اور ایک وقت میں صرف ایک شخص یا ایک جگہ یا ایک چیز کی طرف اِشارہ کرتے ہیں ، جیسے :—

1. Each of these boys knows how to swim.
2. Either of your servants is a liar
3. Neither of these rooms is airy.

## درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 13

جب کوئی فقرہ each یا either یا neither سے شروع ہو تو چونکہ یہ PRONOUN واحد (یعنی SINGULAR) ہیں اس لئے



اِن کے ساتھ اِستعمال ہونے والے VERBS بھی SINGULAR ہوں گے (دیکھئے اُوپر دی ہوئی تینوں مثالیں) ۔

## 7. INTERROGATIVE PRONOUNS

یہ PRONOUNS سوال پوچھنے کے کام آتے ہیں ، (جیسے: ?Who spoke to you) ۔ یہ تعداد میں چار ہیں اور فقروں میں اِس طرح اِستعمال ہوتے ہیں :—

1. *Who* opened the door ?
2. Of *whom* did you speak ?
3. *Whose* is that pen ?
4. *What* did you see there ?
5. *Which* of these books have you read ?

(نوٹ) اِس سے پہلے آپ پڑھ چکے ہیں کہ who ،whose ،whom اور which بطور RELATIVE PRONOUNS اِستعمال ہوتے ہیں ۔ لیکن دونوں صورتوں میں اِ[illegible] اِستعمال کا فرق بالکل واضح ہے ۔ اور یہ فرق سمجھنے کے لئے کسی مزید تشریح کی ضرورت نہیں ہے ۔

## 2. COMMON ERRORS IN THE USE OF PRONOUN.

گزشتہ چند صفحات میں PRONOUNS کے متعلق وہ تمام معلومات جو درست انگریزی لکھنے اور بولنے کے لئے ضروری ہیں ، مناسب تفصیل کے ساتھ لکھ دیئے گئے ہیں ۔ اب ذیل میں ہم نے غلط فقرے بھی دے رکھے ہیں اور صحیح بھی ۔ لیکن آپ صحیح فقروں کو چھپا کر پہلے غلط فقروں کو باری باری پڑھیں اور غلطیوں کو خود تلاش کر کے اُن کی تصحیح کریں ۔ اور پھر اپنے صحیح کئے ہوئے فقروں کا مقابلہ اُن کے سامنے چھپے ہوئے صحیح فقروں سے کر کے اپنی تسلی کر لیں ۔

یاد رکھئے کہ اگر آپ نے PRONOUNS کے بیان کو بڑے غور سے پڑھا ہے تو آپ ہر ایک غلطی کو جھٹ پہچان لیں گے اور اِس کے غلط ہونے کی وجہ بھی بتا سکیں گے ۔ لیکن اُسے سمجھے یا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بتانے بغیر CORRECTION کو طوطے کی طرح رٹ لینے کا کوئی فائدہ نہیں ہے ۔

| Incorrect | Correct |
|---|---|
| 1. I and he ar 'ast friends. | 1. He and I are fast friends. |
| 2. Mine uncle is ill today. | 2. My uncle is ill today. |
| 3. Himself helped us in every way. | 3. He himself helped us in every way. |
| 4. Everybodies are going to the river now. | 4. Everybody is going to the river now. |
| 5. One should not deceive his friend's. | 5. One should not deceive one's friends. |
| 6. Herself was ironing her clothes. | 6. She herself was ironing her clothes. |
| 7. One has to fulfil his promise. | 7. One has to fulfil one's promise. |
| 8. Le he and I go to the Abbotabad. | 8. Let him and me go to Abbotabad. |
| 9. Your's obediently. | 9. Yours obediently. |
| 10. Each of these books are worth reading. | 10. Each of these books worth reading. |
| 11. Somebody have left this watch with me. | 11. Somebody has left this watch with me. |
| 12. Neither of these girls have told a lie. | 12. Neither of these girls has told a lie. |
| 13. Has her ornament's 'een stolen ? | 13. Have her ornaments been stolen ? |
| 14. Who do you want to spe k to ? | 14. Whom do you want to speak to ? |
| 15. Either of you are allowed to go home. | 15. Either of you is allowed to go home. |



| Incorrec | Correct |
|---|---|
| 16. She killed the s ake who bit her. | 16. She kill d the snake that (which) bit her. |
| 17. Is he older than me ? | 17. Is he older than I ? |
| 18. He could not hear with any of his cars. | 18. He could not hear with either of his ea s |
| 19. Who of these pens have good nibs ? | 19 Which of these pens as a good nib ? |
| 20. You are older than her by six months. | 20. You are older than she by six months. |
| 21. Who did you meet on the road ? | 21. Whom did you see on the road ? |
| 22. It is bad for one to back out of his promise. | 12. It is bad for one to back out of one's promise. |
| 23. Either of your servants have stolen your's purse. | 23. Either of your servants has stolen your purse. |
| 24. Do you know the boy which called you names ? | 24. Do you know the boy who called you names ? |
| 25. Uneasy lies the head who wears the crown. | 25. Uneasy lies the head that wears he crown. |

اِس باب میں PRONOUN کا بیان ختم کرنے سے پہلے ذیل کی دو باتوں کو اچھی طرح نوٹ کر لیجئے :

(1) اردو میں تین اِلفاظ — "اپنا" ، "اپنی" اور "اپنے" — کا ترجمہ انگریزی میں مختلف اِلفاظ سے ہوتا ہے ۔ اِس کی وضاحت — کسی مزید تشریح کے بغیر — خود ہی ذیل کی مثالوں سے ہو جائے گی :—

1. I did my duly. میں نے اپنا فرض ادا کیا ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



2. We shall help our friends. — ہم اپنے دوستوں کی مدد کریں گے۔

3. Do you respect your mother? — کیا آپ اپنی والدہ کی عزت کرتے (کرتی) ہیں؟

4. She loved her children. — وہ اپنے بچوں سے پیار کرتی تھی۔

5. It changes its colour. — یہ اپنا رنگ تبدیل کر لیتا ہے۔

6. They will save their lives. — وہ اپنی جانیں بچا لیں گی (گے)۔

(2) اردو کے دو الفاظ — "خود" اور "اپنے آپ" — کا ترجمہ بھی انگریزی میں مختلف الفاظ سے ہوتا ہے، جیسے :—

1. I closed the door myself. (or) I myself closed the door. — میں نے خود ہی دروازہ بند کیا تھا۔

2. We shall ourselves break the lock. (or) We ourselves shall break the lock. — ہم خود ہی تالا توڑیں گے۔

3. You will yourself buy this house. (or) You will buy this house yourself. — آپ خود ہی یہ مکان خرید لیں گے۔

4. He himself went to Karachi. (or) He wents to Karachi himself. — وہ خود ہی کراچی چلا گیا۔

5. She will herself speak the truth. (or) She will speak the truth herself. — وہ اپنے آپ ہی سچ بولے گی



6. Will it melt itself? — کیا یہ اپنے آپ ہی پگھل جائے گی۔

7. They will themselves fall asleep. — وہ اپنے آپ ہی سو جائیں گے۔

اب مندرجہ ذیل مشق کو حل کیجئے :—

## EXERCISE 5

**I. Use, in sentences the Pronouns in the following groups to show that you understand the difference between them :—**

1. my : mine. 2. our : ours. 3. your : yours. 4. his : him. 5. her : hers. 6. their : theirs.

**II. Fill in the blanks with the words given below :—**

Words : myself ; ourselves ; yourself ; yourselves ; himself ; herself . itself ; themselves ; one : one's.

1. He was polishing his shoes———. 2. You are — responsible for this accident. 3. Did you——post that letter ? 4. God helps those who help———. 5. I shall not———test his eyes. 6. You have———informed the police. 7. ———must obey one's mother. 8. Were your brothers———receiving the guests ? 9. It will work by ———. 10. One must never forget to do———duty. 11. He who digs a pit for others falls into it———. 12. She———will tell you everything.

**III. Translate into English :—**

(1) میں اپنے کپڑے دھوتی ہوں۔ (2) میں اپنے کپڑے خود دھوتی ہوں؟ (3) وہ اپنے والد صاحب کو ایک چٹھی لکھ رہا تھا۔ (4) کیا وہ خود ہی اپنے والد صاحب کو ایک چٹھی لکھ رہا تھا؟ (5) انسان کو اپنے بزرگوں کا ادب کرنا چاہئے۔ (6) کیا انسان کو اپنے بزرگوں کا ادب کرنا چاہئے؟ (7) ہم اپنے کمرے میں سفیدی خود کریں گے۔ (8) ہم خود ہی اپنے کمرے میں سفیدی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نہیں کریں گے۔ (9) کیا تم خود ہی اُس کے کوئیں گئے تھے؟ (10) وہ خود ہی زمین پر گر پڑے گا۔ (11) کیا اُنہوں نے خود ہی اپنے ٹکٹ خرید لئے تھے؟ (12) ہم خود ہی چور کو تھانے لے گئے۔

**IV. Correct the following :—**

(*a*) Me am to go to the market. 2. Mine friends are very faithful. 3. Was that pen your's? 4. You and I have beaten him very badly. 5. Who is knocking at the door? It is me. 6. Are their's books new? The broken cup is not my. 8. She and I have finished their home work. 9. He and I am working very hard. 10. Our's servants are more obedient than your's. 11. You and I broke his lock. 12. He is not older than her. 13. I, my brother and you have been declared successful. 14. Is your sister wiser than me? 15. You and I will wash your clothes. 16. Is she older than me by three years? 17. You are not stronger than him. 18. He and you work in the same factory. 19. I, you and he will play together. 20. Did he meet your's friends.

(*b*) 1. The boys which came late were fined. 2. The cow is ours who is black. 3. The boy is weeping whose bicycle is stolen. 4. Javeid is ill who is my class-fellow. 3. You do not know that one should love his brothers and sisters. 6. Neither of them have copied. 7. He went with one's family to Quetta which consists of his wife and three children. 8. Did you knock at our's the door? Yes, it was me. 9. I who is your elder brother ask you to leave him. 10. He and I have made a mistake. 11. We, you and he will go to Multan by the morning train. 19. Let him and I go to the canal.

---



# CHAPTER THREE

## 3. THE ADJECTIVE

### 1. KINDS OF ADJECTIVES

تمہید میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ ADJECTIVE (جسے اُردو میں "صفت" کہا جاتا ہے) کسی NOUN یا PRONOUN کا کوئی "وصف" (یعنی اچھائی یا برائی یا مقدار یا تعداد یا درجہ وغیرہ) ظاہر کرتا ہے۔ اِس کی سات قسمیں ہیں۔ ہر ایک کا حال مناسب تفصیل کے ساتھ درج ذیل ہے۔

#### 1. ADJCETIVES OF QUALITY

یہ ADJECTIVES کسی NOUN یا PRONOUN کا کوئی "وصف" یا اُس کی کسی "حالت" یا "کیفیت" کو ظاہر کرتے ہیں (جیسے rich یا large یا hot یا dirty)۔

#### 2. ADJECTIVES OF QUANTITY

یہ ADJECTIVES کسی چیز کی "تعداد" یا "مقدار" کو ظاہر کرتے ہیں (جیسے some milk میں some یا little hope میں little یا enough money میں enough)۔

#### 3. DEMONSTRATIVE ADJECTIVES

یہ ADJECTIVES کسی شخص یا جگہ یا چیز — واحد یا جمع — کی طرف اِشارہ کرتے ہیں اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تعداد میں صرف چار ہیں — this، that، these، those (جیسے this flower یا that man یا these houses یا those pens) - یہی چاروں الفاظ — جیسا کہ صفحہ 44 پر بیان ہو چکا ہے — بطور DEMONSTRATIVE PRONOUNS بھی استعمال ہوتے ہیں -

### 4. INTERROGATIVE ADJECTIVES

یہ ADJECTIVES کسی NOUN کے ساتھ مل کر سوال پوچھنے میں استعمال ہوتے ہیں، جیسے :-

1. *Which* pen is yours ?  2. *Whose* son is he ?
3. *What* name have you given to this street ?

یہ تعداد میں صرف تین ہیں — what، which اور whose -

### 5. POSSESSIVE ADJECTIVES

یہ ADJECTIVES در اصل POSSESSIVE CASE کے چھ سات PRONOUNS ہیں — my، our، thy، your، his، her، its اور their — جو NOUNS کے ساتھ مل کر ADJECTIVES کا کام بھی دیتے ہیں (جیسے my father یا our school یا her ornaments یا their goods) -

### 6. NUMERAL ADJECTIVES

یہ ADJECTIVES اشخاص یا جگہوں کی تعداد بھی ظاہر کرتے ہیں (جیسے five boys یا six rooms یا seven cups) اور ان کی ترتیب میں ان کا "درجہ" یا "مقام" بھی (جیسے fifth boy یا sixth room یا seventh cup) - پھر اگر یہ "تعداد" یا "درجہ" واضح ہو (جیسے eight یا eighth) تو انہیں DEFINITE NUMERAL ADJECTIVES کہا جاتا ہے اور اگر یہ "تعداد" یا "درجہ" واضح نہ ہو (جیسے some boys میں some اور all cups میں all) تو انہیں INDEFINITE NUMERAL ADJECTIVES کہا جاتا ہے -



### 7. PROPER ADJECTIVES

یہ ADJECTIVES ہمیشہ PROPER NOUNS سے بنتے ہیں (جیسے America سے American یا China سے Chinese یا Pakistan سے Pakistani) -

## 2. COMPARISON OF ADJECTIVES

QUALITY کے اکثر، QUANTITY کے دو (much اور little) اور NUMBER کے دو (few اور many) ADJECTIVES کے comparison (یعنی مقابلہ یا موازنہ) کے مدارج یا درجے (یعنی DEGREES) ہیں جنہیں DEGREES OF COMPARISON کہا جاتا ہے - یہ DEGREES تعداد میں تین ہیں اور ان کی تشریح مندرجہ ذیل ہے :-

### 1. POSITIVE DEGREE

یہ پہلی DEGREE ہے جو کسی NOUN کی ذاتی صفت کو کسی کمی بیشی کے بغیر بیان کرتی ہے جیسے a *good* pen میں good یا an *old* house میں old - یہ عموماً اپنے موصوف سے پہلے استعمال ہوتی ہے (جیسے a fast speaker میں fast کو جس کے موصوف speaker سے پہلے رکھا گیا ہے) - لیکن جب اسے بطور PREDICATE استعمال کیا جائے تو یہ اپنے موصوف کے بعد آتا ہے (جیسے That speaker was very fast میں fast اپنے موصوف (یعنی speaker) کے بعد آیا ہے -

### 2. COMPARATIVE DEGREE

یہ دوسری DEGREE ہے جو دو NOUNS کا مقابلہ کرکے ان میں سے ایک کے مقابلے میں دوسرے میں کسی اچھائی یا برائی کی کمی یا زیادتی کو بیان کرتی ہے (جیسے Mangoes are *sweeter* than apples میں sweeter یا This girl is *wiser* than her

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



brother میں wiser) - اِسے عموماً POSITIVE DEGREE کے آخر میں er یا اُس سے پہلے more لگا کر بنایا جاتا ہے (جیسے rich سے richer یا more rich) - لیکن :—

(1) اگر POSITIVE DEGREE کے آخر میں e پہلے ہی موجود ہو تو وہاں صرف r کا اِضافہ کرنا پڑتا ہے (جیسے nice سے nicer یا safe سے safer) -

(2) اگر POSITIVE DEGREE کے آخر میں y اور اُس سے پہلے کوئی CONSONANT ہو تو y کو i میں بدل کر اُس کے بعد er لگا دیا جاتا ہے (جیسے happy سے happier یا heavy سے heavier) -

البتہ کچھ ADJECTIVES اِیسے بھی ہیں جو اِن قاعدوں کی پابندی نہیں کرتے (جیسے big سے bigger یا good سے better) -

## 3. SUPERLATIVE DEGREE

یہ تیسری DEGREE ہے جو لیک NOUN کا کسی PLURAL NOUN سے مقابلہ کرکے اُس میں کسی خوبی یا خرابی کی اِنتہائی کیفیت ظاہر کرتی ہے (جیسے Lahore is the *largest* of all cities in the Punjab میں largest) - اِسے POSITIVE DEGREE کے آخر میں est یا اُس سے پہلے most لگا کر بنایا جاتا ہے (جیسے rich سے richest یا most rich) - لیکن :—

(1) اگر POSITIVE DEGREE کے آخر میں e آ جائے تو صرف st لگانا ہی کافی ہوتا ہے (جیسے pure سے purest یا safe سے safest) -

(2) اگر POSITIVE DEGREE کے آخر میں y آ جائے تو اُسے i میں بدل کر اُس کے بعد est لگا دیا جاتا ہے (جیسے lazy سے laziest) -

البتہ کچھ ADJECTIVES اِیسے بھی ہیں کہ وہ اِن قاعدوں کی پابندی نہیں کرتے (جیسے red سے reddest یا good سے best) -



اب ذیل میں چند کثیرالاستعمال ADJECTIVES کی تینوں تینوں DEGREES لکھ دی گئی ہیں - اِنہیں ہجوں اور معانی سمیت — روزانہ دس دس پندرہ پندرہ کے حساب سے — زبانی یاد کرکے بار بار دہراتے رہئیے تا کہ وہ سب اچھی طرح زبانی یاد ہو جائیں -

| Positive | Comparative | Saperlative |
|---|---|---|
| able قابل ۔ لائق | abler زیادہ قابل | ablest سب سے قابل |
| bad برا | worse بہت برا | worst بہت ہی برا |
| beautiful خوبصورت | more beautiful بہت خوبصورت | most beautiful بہت ہی خوبصورت |
| big بڑا | bigger بہت بڑا | biggest بہت ہی بڑا |
| black سیاہ ۔ کالا | blacker سیاہ تر | blackest سیاہ ترین |
| bold دلیر | bolder زیادہ دلیر | boldest بہت ہی دلیر |
| vbare بہادر | braver زیادہ بہادر | bravest بہادر ترین |
| bright روشن | brighter روشن تر | brightest روشن ترین |
| busy مصروف | busier مصروف تر | busiest مصروف ترین |
| cheap اَرزاں ۔ سستا | cheaper اَرزاں تر | cheapest اَرزاں ترین |
| clean صاف | cleaner صاف تر | cleanest صاف ترین |
| clever چالاک ۔ ہوشیار ۔ | cleverer چالاک تر ۔ زیادہ ہوشیار | cleverest چالاک ترین ۔ ہوشیار ترین |
| cloudy ابر آلود | cloudier بہت ابرآلود | cloudiest بہت ہی ابر آلود |
| cold سرد ۔ ٹھنڈا | colder سرد تر | coldest سرد ترین |
| courageous دلیر | more courageous زیادہ دلیر | most courageous بہت ہی دلیر |
| dark تاریک | darker تاریک تر | darkest تاریک ترین |
| dear گراں ۔ عزیز | dearer گراں تر ۔ عزیز تر | dearest گراں ترین ۔ عزیز ترین |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Positive | Comparative | Superlative |
|---|---|---|
| deep گہرا | deeper بہت گہرا | deepest بہت ہی گہرا |
| difficult مشکل | more difficult بہت مشکل | most difficult بہت ہی مشکل |
| dirty غلیظ | dirtier غلیظ تر | dirtiest غلیظ ترین |
| early سویرے - جلدی | earlier بہت سویرے | earliest بہت ہی سویرے |
| easy اسان | easier آسان تر | easiest آسان ترین |
| far دور | farther دور تر | farthest دور ترین |
| fast تیز | faster تیز تر | fastist تیز ترین |
| fat موٹا - موٹی - موٹے | fatter زیادہ موٹا | fattest سب سے موٹا |
| few چند - تھوڑے | fewer بہت تھوڑے | fewest بہت ہی تھوڑے |
| fine عمدہ | finer عمدہ تر | fines عمدہ ترین |
| fit موزوں | fitter موزوں تر | fittest موزوں ترین |
| foolish بے وقوف | more foolish بہت بے وقوف | most foolish بہت ہی بے وقوف |
| fore اگلا | former گزشتہ | foremost اہم ترین |
| glad خوش | gladder خوش تر | gladdest خوش ترین |
| good اچھا | better بہتر | best بہترین |
| great بڑا | greater بہت بڑا | greatest بہت ہی بڑا |
| happy خوش | happier خوش تر | happiest خوش ترین |
| hard سخت | harder سخت تر | hardest سخت ترین |
| heavy بوجھل - بھاری | heavier زیادہ بھاری | heaviest سب سے بھاری |
| high اونچا - بلند | higher بلند تر | highest بلند ترین |



| Positive | Comparative | Superlative |
|---|---|---|
| holy مقدس - پاک | holier پاک تر | holiest پاک ترین |
| hot گرم | hotter گرم تر | hottest گرم ترین |
| in اندرونی - داخلی | inner زیادہ اندرونی | innermost / inmost اِنتہائی اندرونی |
| jolly خوش | jollier خوش تر | jolliest خوش ترین |
| kind مہربان | kinder بہت مہربان | kindest بہت ہی مہربان |
| large بڑا | larger بہت بڑا | largest سب سے بڑا |
| late دیر | later بہت دیر | latest جدید ترین / last آخری |
| little تھوڑا | less بہت تھوڑا | least بہت ہی تھوڑا |
| long لمبا - طویل | longer طویل تر | longest طویل ترین |
| loud اونچا - بلند | louder بلند تر | loudest بلند ترین |
| lovely پیارا | lovelier بہت پیارا | loveliest بہت ہی پیارا |
| many بہت (تعداد) | more بہت زیادہ | most بہت ہی زیادہ |
| merry خوش - مسرور | merrier مسرور تر | merriest مسرور ترین |
| much زیادہ (مقدار) | more بہت زیادہ | most بہت ہی زیادہ |
| near نزدیک | nearer نزدیک تر | nearest نزدیک ترین |
| nice عمدہ | nicer عمدہ تر | nicest عمدہ ترین |
| noble شریف - شاندار | nobler شریف تر | noblest شریف ترین |
| old پرانا - بوڑھا | older زیادہ پرانا / زیادہ بوڑھا; elder بڑا | oldest سب سے پرانا (بوڑھا) - قدیم ترین; eldest سب سے بڑا |
| out بیرون | outer | outermost |
| poor غریب | poorer غریب تر | poorest غریب ترین |
| powerful طاقت ور | more powerful زیادہ طاقت ور | most powerful سب سے طاقتور |

www.iqbalkalmati.blogspot.com: مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Positive | Comparative | Superlative |
| --- | --- | --- |
| retty خوشنما - دلکش | prettier زیادہ خوشنما | prettiest بہت ہی خوشنما |
| roud مغرور | prouder مغرور تر | proudest مغرور ترین |
| uick تیز | quicker تیز تر | quickest تیز ترین |
| uiet خاموش | quieter خاموش تر | quietest خاموش ترین |
| ich امیر - دولتمند | richer امیر تر | richest امیر ترین |
| afe محفوظ | safer محفوظ تر | safest محفوظ ترین |
| imple سادہ | simpler سادہ تر - بہت سادہ | simple سادہ ترین |
| mall چھوٹا | smaller زیادہ چھوٹا | smallest سب سے چھوٹا |
| plendid شاندار - عالیشان | more splendid زیادہ عالیشان | most splendid سب سے عالیشان |
| weet میٹھا - رسیلا | sweeter زیادہ میٹھا | sweetest سب سے میٹھا |
| all قد آور - بلند | taller زیادہ قد آور - بلند تر | tallest سب سے قد آور - بلند ترین |
| rue سچ - صحیح - مخلص | truer زیادہ صحیح | truest مخلص ترین |
| gly بد صورت | uglier زیادہ بدشکل | ugliest سب سے بد شکل |
| p پر - اوپر | upper بالائی | uppermost |
| seful مفید | more useful مفید تر | most useful مفید ترین |



| Positive | Comparative | Superlative |
| --- | --- | --- |
| virtuous نیک - باعصمت | more virtuous نیک تر | most virtuous نیک ترین |
| weak کمزور | weaker کمزور تر | weakest کمزورترین |
| wealthy مالدار | wealthier زیادہ مالدار | wealthiset سب سے مالدار |
| wet نمدار - گیلا | wetter زیادہ نمدار | weattest سب سے نمدار |
| white سفید | whiter سفید تر | whitest سفید ترین |
| wide چوڑا - کشادہ | wider زیادہ چوڑا - زیادہ کشادہ | widest سب سے کشادہ |
| wilful خود سر - ضدی | more wilful بہت ضدی | most wilful |
| wise دانا - عقلمند | wiser دانا تر | wisest دانا ترین |
| oung نوجوان - نو عمر - چھوٹا | younger جوان تر - زیادہ چھوٹا | youngest جوان ترین - سب سے چھوٹا |

**DEGREES OF COMPARISON کے استعمال کے قاعدے**

انگریزی لکھتے یا بولتے ہوئے ہم ان تینوں DEGREES کو بکثرت استعمال کرتے ہیں ۔ لیکن اگر ان کا استعمال ہی غلط ہو تو ہمارے لکھے یا بولے ہوئے فقروں کے درست ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ اسی لئے درست انگریزی لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا کرنے کے لئے ان قاعدوں کا جاننا از بس ضروری ہے ۔

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 14**

یہ تو آپ پڑھ چکے ہیں کہ کسی ADJECTIVE کی OSITIVE DEGREE عموماً اپنے موصوف سے پہلے آتی ہے ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



A blind man میں blind ۔ لیکن اگر ، موصوف (یعنی man) کو ہٹا کر POSITIVE DEGREE سے پہلے the لگا دیا جائے تو یہ دونوں مل کر PLURAL NOUN کے معنی ادا کرتے ہیں (جیسے the blind سے مراد ہے ''اندھے لوگ'' یا the rich سے مراد ہے ''امراء'' یا the poor سے مراد ہے ''غرباء'' یا ''غریب لوگ'')۔

یاد رکھئے کہ POSITIVE DEGREE سے پہلے the لگا دینے سے اُس کے بعد کسی NOUN کے آنے کی ضرورت ہی باقی نہیں رہتی۔

یہ بھی یاد رکھئے کہ POSITIVE DEGREE سے پہلے the لگا دینے سے اُس کے آخر میں s لگائے بغیر PLURAL NOUN کے معنی ادا ہو جاتے ہیں۔ اِس لئے the blinds یا the poors بالکل غلط ہے۔

### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 15

جب کسی ADJECTIVE کی COMPARATIVE DEGREE کو کسی فقرے میں استعمال کیا جائے تو اُس کے فوراً بعد than استعمال کیا جاتا ہے ، جیسے :—

1. He is *richer than* his neighbours.
2. She was *wiser than* Farzana.
3. Are you *happier than* your brother.
4. Your cow is *more beautiful* than mine.

یاد رکھئے کہ richer بھی درست ہے ، wiser بھی ، happier بھی اور more beautiful بھی کیونکہ انہیں مسلّمہ قاعدوں کے مطابق POSITIVE سے COMPARATIVE بنایا گیا ہے۔ لیکن more richer بھی غلط ہے ، more wiser بھی اور more happier بھی کیونکہ اِن کے آخر میں r یا er یا ier بھی ہے اور اُن سے پہلے more بھی۔ دوسرے لفظوں میں یہ بات یوں بیان کی جا سکتی ہے کہ



ایک ہی وقت میں ایک ہی ADJECTIVE کو COMPARATIVE بنانے کے لئے دونوں طریقے استعمال کئے گئے ہیں جو درست نہیں ہے۔ اِس لئے richer بھی صحیح ہے اور more rich بھی - لیکن more richer بالکل غلط ہے۔ اِسی طرح wiser یا happier بھی صحیح ہیں اور more wise یا more happy بھی۔ لیکن more wiser بھی غلط ہے اور more happier بھی کیونکہ اِنہیں ایک ہی وقت میں دونوں طریقوں سے COMPARATIVE یعنی DOUBLE COMPARATIVE بنا دیا گیا ہے جو سراسر غلط ہیں۔

نیز یاد رکھئے کہ DOUBLE COMPARATIVE کا تصور بھی غلط ہے اور COMPARATIVE DEGREE کے بعد from کا استعمال بھی۔

### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 16

جب دو NOUNS کو COMPARE کر کے ایک کے حق میں کوئی حتمی فیصلہ دینا مقصود ہو تو وہاں than کی بجائے *of* استعمال کیا جاتا ہے ، جیسے :—

1. She is *the wiser of* the two girls.
2. That pen was *the better of* the two.
3. This hotel is *the more costly* of the two.

### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 17

جب ایک NOUN کو اُس ''گروہ'' یا ''جماعت'' سے جس میں وہ بھی شامل ہو COMPARE کیا جائے تو اول الذکر کو آخر الذکر سے منہا کر کے than کے بعد any other کا اضافہ کر دیا جاتا ہے ، جیسے :—

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



1. Lahore is *larger than any other* city in the Punjab.
2. Gold is *more precious than any other* metal.
3. The mango is *sweeter than any other* fruit in Pakistan.

پہلے فقرے میں *any other* کے ذریعہ Lahore کو پنجاب کے دوسرے شہروں سے الگ کر دیا گیا ہے۔ ورنہ "لاہور سمیت لاہور پنجاب کے ہر ایک شہر سے بڑا ہوتا" اور فقرہ بالکل لغو ہو جاتا۔ اسی طرح دوسرے فقرے میں any other کے ذریعہ سونے کو تمام دھاتوں سے الگ کر کے باقی ماندہ دھاتوں سے "زیادہ قیمتی" کہا گیا ہے۔ اور تیسرے فقرے میں "آم" کو پاکستان کے تمام پھلوں سے الگ کر کے باقی ماندہ پھلوں سے زیادہ میٹھا کہا گیا ہے۔

## درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 18

جب کسی فقرے میں comparatively استعمال ہو رہا ہو تو اس میں COMPARATIVE DEGREE کے آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، جیسے:—

1. I have bought a comparatively easier book for you. (WRONG)

2. I have bought a *comparatively easy* book for you. (CORRECT).

(اِس فقرے میں easy کی بجائے easier کا اِستعمال بالکل غلط ہے)

This wrist watch is *comparatively cheaper*.

(اِس فقرے میں cheap کی بجائے cheaper کا اِستعمال بالکل غلط ہے)

3. Journey by road is *comparatively more enjoyable*.

(اِس فقرے میں enjoyable کی بجائے more enjoyable بالکل غلط ہے)۔



## درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 19

کسی NOUN کے لئے SUPERLATIVE DEGREE سے پہلے ہمیشہ the آتی ہے اور اِسے اُس وقت اِستعمال کیا جاتا ہے جب ایک ہی قسم کے دو NOUNS کو COMPARE کرنا مقصود ہو، جیسے:

ہمیشہ یاد رکھئے کہ DOUBLE COMPARATIVE کبھی بھی استعمال نہیں ہو سکتا۔ نہ لکھنے میں اور نہ ہی بولنے میں۔

1. Shehzad is *the ablest* boy in this class.
2. Islamabad is *the most beautiful* of all the cities in Pakistan.
3. She is the loveliest of all my sisters.
4. Is Saudi Arabia *the richest* of all the countries in Asia?

یاد رکھئے کہ most beautiful بھی، loveliest بھی، richest بھی اور ablest بھی درست ہیں کیونکہ اِنہیں مسلّمہ قاعدوں کے مطابق POSITIVE سے SUPERLATIVE بنایا گیا ہے۔ لیکن most ablest بھی غلط ہے، most loviiest بھی اور most richest بھی کیونکہ ایک ہی وقت میں ایک ہی ADJECTIVE کو SUPERLATIVE بنانے کے لئے دونوں طریقے اِستعمال کئے گئے ہیں اور یہ درست نہیں ہے۔ اِس لئے ablest بھی صحیح ہے اور most able بھی، لیکن most ablest غلط ہے۔ اِسی طرح loveliest اور richest بھی صحیح ہیں اور most lovely اور most rich بھی، لیکن most loveliest بھی غلط ہے اور most richest بھی کیونکہ اِنہیں دونوں طریقوں سے SUPERLATIVE - (یعنی DOUBLE SUPERLATIVE) بنا دیا گیا ہے جو سراسر غلط ہے۔

نوٹ: یہ بھی یاد رکھئے کہ SUPERLATIVE DEGREE سے پہلے the کا استعمال بے حد ضروری ہے کیونکہ اِس کے بغیر فقرہ غلط ہو جاتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یہ سب کچھ اچھی طرح ذہن نشین کر لینے کے بعد ذیل کی مشق کو حل کیجئے -

## EXERCISE 6

**Correct the following :—**

He is older from me by two years. 2. Is this superior than that? My room was more better than your's. 4. Which is the most longest river in the Pakistan? 5. Iron is more useful from all metals. 6. Do the rich people dislike the poors 7. Was he junior than you in service? 8. He was more stronger from his rival. 9. Karachi is larger to all cities in our country. 10. Was that tree more taller from this one? 11. Who is the most oldest man in this village? 12. Is the pen more stronger from the sword? 13. She was comparatively happier. 14. Are beggars the most happiest men on the earth? 15. Health is not more better from wealth.

## 3. CORRECT USE OF SOME ADJECTIVES

درست انگریزی لکھنے اور بولنے کی صلاحیت
پیدا کرنے کی طرف پانچواں اہم قدم

جو فقرے ہم لکھتے یا بولتے ہیں ان میں کوئی نہ کوئی ADJECTIVE ضرور استعمال ہوتا ہے۔ لیکن اگر اس کا استعمال ہی صحیح نہ ہو تو ان فقروں کے صحیح ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس لئے ان کے صحیح استعمال سے کماحقہ باخبر ہونا بے حد ضروری ہے۔

اب اگلے صفحہ پر ان کے متعلق کچھ ضروری معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ ان کے استعمال میں کسی غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔



### 1. EACH & EVERY

EACH دو کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے اور دو سے زیادہ کے لئے بھی بشرطیکہ "تعداد" معلوم بھی ہو اور محدود بھی، جیسے :—

1. I know *each* of these two girls.
2. *Each* of these six boys is a prize-winner.

لیکن EVERY دو سے زیادہ کے لئے استعمال ہوتا ہے جب "تعداد" معلوم نہ ہو، جیسے :—

1. *Every* one of them was going to Murree.
2. I have paid him for *every* one of these shirts.

### 2. MANY & MUCH

MANY "تعداد" کے لئے استعمال ہوتا ہے اور MUCH "مقدار" کے لئے، جیسے :—

1. *Many* boys are absent today.
2. Do not talk too *much*.

### 3. ELDER & OLDER

ELDER کو ایک ہی کنبے میں "عمر کے لحاظ سے بڑے" کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے لیکن OLDER کو کنبے سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ اور یہ صرف "عمر کے لحاظ سے بڑا" کا مفہوم ظاہر کرتا ہے، جیسے :—

1. I know your *elder* brother.
2. She was not *older* than her friends.

### 4. FARTHER & FURTHER

FARTHER کے معنی ہیں "زیادہ دور" اور دوسرے لفظ FURTHER کے معنی ہیں "مزید"، جیسے :—

1. Lahore is *farther* from Karachi than Multan
2. Let us go there without any *further* delay.

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



### 5. LITTLE, A LITTLE & THE LITTLE

یہ تینوں الفاظ "مقدار" کے لئے استعمال ہوتے ہیں — LITTLE "نہ ہونے کے برابر" یا "بے حد قلیل" کے معنی دیتا ہے، A LITTLE "تھوڑا سا" کے معنی اور THE LITTLE "تھوڑا سا لیکن تمام کا تمام" کے معنی، جیسے :—

1. He gave us *little* help in this matter.
2. There was only *a little* milk in the jug.
3. *The little* milk we had in the jug was used up.

### 6. FEW, A FEW & THE FEW

یہ تینوں الفاظ "تعداد" کے لئے استعمال ہوتے ہیں — FEW "تعداد میں بہت ہی کم یا نہ ہونے کے برابر" کے معنوں میں A FEW "معدودے چند" کے معنوں میں اور THE FEW "صرف چند لیکن سب کے سب" کے معنوں میں، جیسے :—

1. *Few* boys are doing their papers honestly.
2. She threw *a few* coins at the beggars.
3. *The few* boys who were making mischief have gone away.

### 4. COMMON ERRORS IN THE USE OF ADJECTIVES

پچھلے چند صفحات میں وہ تمام باتیں جو لکھنے یا بولنے میں ADJECTIVES کے درست استعمال کے لئے ضروری ہیں مناسب تفصیل کے ساتھ بیان کر دی گئی ہیں۔ اب ذیل میں ہم نے غلط فقرے بھی دے رکھے ہیں اور اُن کے سامنے صحیح فقرے بھی۔ لیکن آپ صحیح فقروں کو چھپا کر پہلے غلط فقروں کو باری باری پڑھیے اور غلطیوں کو خود تلاش کرکے اُن کی تصحیح کیجئے اور تصحیح کی وجہ بھی بتائیے پھر اپنے صحیح کئے ہوئے فقروں کا مقابلہ اُن کے سامنے چھپے ہوئے صحیح فقروں سے کرکے اپنی تسلی کر لیجئے۔



یاد رکھئے کہ اگر آپ نے ADJECTIVES کے بیان کو درست غور سے پڑھا ہے تو آپ ہر ایک غلطی کو جھٹ پہچان لیں گے اور اس کے غلط ہونے کی وجہ بھی بتا سکیں گے۔ لیکن اسے سمجھے بتائے بغیر CORRECTION کو طوطے کی طرح رٹ لینے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

| Incorrect | Correct |
|---|---|
| 1. She is my older sister. | 1. She is my elder sister |
| 2. This pen is superior from mine. | 2. This pen is superior to mine. |
| 3. Do not drink too many water now. | 3. Do not drink too much water now. |
| 4. He is comparatively wiser. | 4. He is comparatively wise. |
| 5. Do not have too much friends. | 5. Do not have too many friends. |
| 6. Was she more older than me ? | 6. Was she older than I ? |
| 7. This is a sweetest mango than all. | 7. This is the sweetest mango of all. |
| 8. Is this light more brighter than that ? | 8. Is this light brighter than that ? |
| 9. He is our eldest enemy. | 9. He is our oldest enemy. |
| 10. Rich should help poors. | 10. The rich should help the poor. |
| 11. Her tooths are more whiter from yours. | 11. Her teeth are more whiter from yours |
| 12. He is older from me. | 12. He is older than I. |
| 13. This cloth is most best from all. | 13. This cloth is the best of all. |
| 14. Each of these pens in out of order. | 14. Every one of these pens is out of order |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Incorrect | Correct |
|---|---|
| 15. Who was most angry, you or him? | 15. Who was more angry, you or he? |
| 16. My oldest brother are ill. | 16. My eldest brother is ill. |
| 17. The rose is a most beautiful flower. | 17. The rose is the most beautiful flower. |
| 18. Each of us have a camera. | 18. Each of us has a camera. |
| 19. She gave me few help. | 19. She gave me a little help. |
| 20. Is he a most fittest man for this post? | 20. Is he the fittest man for this post? |
| 21. This leather is not inferior than that. | 21. This leather is not inferior to that. |
| 22. Is not death more better from dishonour? | 22. Is not death better than dishonour? |
| 23. Silver is brighter than all metals. | 23. Silver is brighter than all other metals. |
| 24. Who is more weaker from the two? | 24. Who is the weaker of the two? |
| 25. The East or the West, home is best. | 25. East or west, home is the best. |

اب ذیل کی مشق کو حل کیجئے ۔

## EXERCISE 7

**I. Give the other two forms of the following and use any one of each in a sentence :—**

1. easy. 2. far. 3. bad. 4. successful. 5. glad. 6. heavy. 7. in. 8. little.

**II. Use the following Adjectives in sentences to show that you understand the difference between them :—**

1. many ; much. 2. few ; a few. 3. elder ; older. 4. a little ; the little. 5. latest ; last. 6. less ; least.



**III. Fill in the blanks will "other", "of", "than", "more", "most" and "the" :—**

1. She is taller......I by two inches. 2. Who is...... wiser......the two? 3. The rose is......best......all flowers. 4. ......older, ......wiser. 5. ......Ravi is not longer...... any other river. 6. The tiger is......more dagerous...... two two. 7. Iron is .....useful......all other metals. 8. That lock was......heaviest......all. 9. Murree is the...... beautiful..........all hill-stations in Pakistan. 10. Your knife was......sharpest......all. 11. This smell is......sweeter ...... ......two. 12. Which of those books was...... ...... interesting?

**IV. Translate into English :—**

(1) یہ میز بہترین لکڑی کی بنی ہوئی ہے۔ (2) سرخ سیب سفید سیبوں کی بہ نسبت زیادہ میٹھے نہیں ہوتے۔ (3) نجمہ کی دادی بہت بوڑھی نہیں تھی۔ (4) بڑے بھائی جان پچھلے سال سوات نہیں گئے تھے۔ (5) یہ انڈے اُن انڈوں سے بڑے ہیں۔ (6) آم کا درخت سب درختوں سے اونچا تھا۔ (7) میری والدہ سفید کپڑے نہیں پہنتی تھیں۔ (8) وہ سب سے بلند پہاڑی پر چڑھ جائیں گے۔ (9) اُن میں سے ہر ایک لڑکا سکاؤٹ نہیں تھا۔ (10) اِن لڑکیوں نے بہت سے پھول چنے تھے۔ (11) کیا یہ پھول سب پھولوں سے زیادہ خوبصورت نہیں ہے؟ (13) یہ ستارے اُن ستارے سے زیادہ روشن کیوں ہیں؟ (14) 21 جون کو دن سب سے لمبا ہوتا ہے۔ (15) عید کے دن میں بے حد خوبصورت کپڑے پہنوں گی۔

**V. Correct the following :—**

1. Much boys are playing football. 2. This book is more better than that. 3. Was he senior than you? 4. We shall travel by a most fastest train. 5. It was much fine yesterday. 6. The condition of the poors was not good. 7. The Indus is longest than all rivers in Pakistan. 8. Is the Murree further from Islamabad than Kohala? 9. There was the little hope of his success. 10. That was the most easiest than all the questions. 11. This young boy has caught most biggest fish. 12. Each of these boys are my class-fellows.

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# CHAPTER FOUR

## 4. THE ARTICLE

اُردو میں NOUN کو "اِسم" کہا جاتا ہے، PRONOUN کو "ضمیر" اور ADJECTIVE کو "صفت" تو کہا جاتا ہے لیکن اُردو کی گرامر میں ایسی کوئی چیز نہیں جسے ARTICLE کہا جا سکے۔ پھر انگریزی کے گرامردانوں میں ایک گروہ ایسا بھی جو اسے ایک طرح کا ADJECTIVE ہی شمار کرتا ہے وہ اسے ایک الگ PART OF SPEECH کا درجہ دینے کے لئے تیار نہیں ہے۔ بہرحال اِسے ایک PART OF SPEECH قرار دیا جائے یا نہ دیا جائے۔ لیکن درست انگریزی لکھنے یا بولنے میں اس کی اہمیت سے انکار ناممکن ہے۔

### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر20

انگریزی میں ARTICLES صرف تین ہیں — a، an اور the — اور اِن کا تعلق صرف NOUNS سے ہے۔ یہ ہمیشہ NOUNS سے پہلے آتے ہیں (جیسے a boy یا an orange یا the sun) اور اُن کے معانی میں "عمومیت" یا "خصوصیت" پیدا کرتے ہیں۔ لیکن اگر کسی NOUN سے پہلے کوئی ADJECTIVE آ جائے تو یہ اُس سے بھی پہلے آ جاتے ہیں (جیسے a good boy یا an ugly face یا the green flag)۔



## 1. KINDS OF ARTICLES

انگریزی میں Articles کی دو قسمیں ہیں — DEFINITE ARTICLES اور INDEFINITE ARTICLES - پہلی قسم کا ARTICLE صرف ایک ہے اور اسے the کہا جاتا ہے۔ یہ NOUNS کے معانی میں کوئی "خصوصیت" پیدا کرنے کے کام آتا ہے (جیسے the dog) - یہاں the dog سے مراد دنیا کے کروڑ ہا کتوں میں سے کوئی ایک کتا نہیں بلکہ ایک ایسا کتا ہے جو ہمارے سامنے ہے یا جس کا ذکر پہلے بھی ہو چکا ہے۔ دوسری قسم کے ARTICLES کسی NOUN کے معانی میں "عمومیت" پیدا کرنے کے کام آتے ہیں (جیسے a doctor یا an egg) - یہاں a doctor سے مراد کوئی مخصوص طبیب نہیں بلکہ دنیا کے لاکھوں "معالجوں" میں سے کوئی ایک معالج ہے۔ اِسی طرح an egg سے مراد کوئی مخصوص انڈا نہیں بلکہ دنیا میں سینکڑوں قسموں کے کروڑ ہا انڈوں میں سے کوئی ایک انڈا ہے۔

اور اب لیجیے ہر ARTICLE کے اِستعمال کی الگ الگ تفصیل

## 2. THE USE OF "A" & "AN"

یہ دونوں ARTICLES (یعنی a اور an) دراصل NUMERAL ADJECTIVES ہیں جو "ایک" یا "کوئی" یا "کسی" یا "کوئی ایک" یا "کسی ایک" کے معنی ادا کرتے ہیں، جیسے :-

1. I gave him *a* rupee. ("ایک" کے معنوں میں)
2. *A* stranger came to me. ("کوئی" کے معنوں میں)
3. We met *a* beggar. ("کسی" کے معنوں میں)
4. She wanted *a* berth.

("کوئی ایک" یا "کسی ایک" کے معنوں میں)

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

کسی NOUN کے معنوں میں "عمومیت" پیدا کرنے والے ARTICLES میں سے a اُن SINGULAR NOUNS سے پہلے اِستعمال ہوتا ہے جو کسی CONSONANT (یعنی حرف b، c، d، f، g، h، j، k، l، m، n، p، q، r، s، t، v، w، x، y یا z) سے شروع ہو رہا ہو (جیسے a boy یا a house یا a wolf) - لیکن اگر اُس NOUN سے پہلے کوئی ADJECTIVE ہو تو اُس ADJECTIVE کا کسی CONSONANT سے شروع ہونا ضروری ہے جیسے a  at man یا a new car) -

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی طرف چھٹا اہم قدم**

انگریزی لکھنے اور بولنے میں ARTICLES جس کثرت سے اِستعمال ہوتے اِس کثرت سے کوئی بھی PART OF SPEECH اِستعمال نہیں ہوتا - اور جس کثرت سے اِن کے اِستعمال میں غلطیاں ہوتی ہیں وہ بھی افسوسناک حدود سے تجاوز کر جاتی ہیں - اِس لئے سنہری قاعدہ نمبر 20 اور سنہری قاعدہ نمبر 21 کو اچھی طرح سمجھ لینے کے علاوہ THE کے اِستعمال کے تحت لکھی ہوئی ایک ایک بات کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینا بے حد ضروری ہے - ورنہ درست انگریزی لکھنے اور بولنے کی کوشش کبھی بھی کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو سکے گی -

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 21**

یاد رکھئے کہ کسی SINGULAR NOUN کے معنوں میں "عمومیت" پیدا کرنے کے لئے an اُس وقت اِستعمال ہوتا ہے جب وہ SINGULAR NOUN کسی VOWEL (یعنی a، e، i،



o یا u) سے شروع ہو رہا ہو (جیسے an apple یا an owl) - لیکن اگر اُس NOUN سے پہلے کوئی ADJECTIVE آ رہا ہو تو اُس ADJECTIVE کا کسی VOWEL سے شروع ہونا ضروری ہے (جیسے an old house یا an urgent letter) - اِن دونوں ARTICLES کو صرف اُس وقت اِستعمال کیا جاتا ہے جب کسی SINGULAR NOUN کا ذکر کسی فقرے میں پہلی مرتبہ ہو رہا ہو - لیکن اگر دوسری یا تیسری مرتبہ بھی — کسی تحریر یا گفتگو کے دوران — اُن SINGULAR NOUNS کے ساتھ وہی ARTICLES اِستعمال کئے جائیں تو دوسری یا تیسری دفعہ اِن کا اِستعمال غلط ہو جائے گا - جیسے :—

1. I bought *a pen* yesterday. *A pen* was stolen by somebody. (*Wrong*)

   I bought a pen yesterday. *The pen* it was stolen by somebody. (*Correct*)

2. Father gave me *a book*. *A book* was very useful. (*Wrong*)

   Father have me *a book*. I found *the book* very useful. (*Correct*)

**3. THE USE OF "THE"**

کسی NOUN کے معنوں میں "تخصیص" پیدا کرنے کے لئے اُس سے پہلے THE لگا دیا جاتا ہے اور اِسی تخصیص کے لحاظ سے اُسے DEFINITE ARTICLE کہا جاتا ہے -

یہ دراصل this یا that یا these یا those کا مخفف ہے اور اِسے مندرجہ ذیل موقعوں پر اِستعمال کیا جاتا ہے :—

(الف) جب کسی خاص شخص یا جگہ یا چیز کا ذکر مقصود ہو ، جیسے :-

1. *The* doctor was not at home.
2. They were still in *the* mosque.
3. He has returned *the* book.

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



(ب) جب ہمارا اشارہ کسی ایسے شخص یا جگہ یا چیز کی طرف ہو جس کا ذکر پہلے بھی ہو چکا ہو، جیسے :-

1. The boy has come from Azad Kashmir.
2. The room was built only last month.
3. *The* radio is out of order.

(ج) کتابوں، اخباروں اور رسالوں کے ناموں سے پہلے، جیسے :-

1. She was reading *the Holy Quran.*
2. He forgot *the Nawa-i-Waqat* in my room.
3. *The Qaumi Digest* is in great demand.

(د) دریاؤں، سمندروں اور پہاڑوں کے ناموں سے پہلے، جیسے :-

1. They were swimming in *the Ravi.*
2. Our ship was passing through *the Arabian Sea.*
3. *The Alps* is the highest mountain in Europe.

(ر) نہروں، خلیجوں اور مجمع الجزائر کے ناموں سے پہلے، جیسے :-

1. *The Suez Canal* is very useful for *trade* (تجارت) between Asia and Europe.

2. *The Arabian Gulf* (خلیج عرب) is famous for *pearl-fishing* (موتی نکالنا).

3. His neighbour has returned to *the Andamans* (مجمع الجزائر انڈیمان).

(س) قوموں کے ناموں سے پہلے، جیسے :-

1. *The Muslims* are a brave nation.
2. *Israil* (اسرائیل) is populated by *the Jews* (یہودی).
3. The Bible is the holy book of *the Christians* (عیسائی).
4. *The Arabs* (عرب), *the Iranians* (ایرانی), *the Turks* (ترک) and all other Muslims are our brethren.



(ص) اطراف کے ناموں سے پہلے، جیسے :-

1. We did go to *the north* (شمال).
2. Afghanistan and Iran are to *the west* of Pakistan.

(ط) زمین ، آسمان ، چاند ، سورج اور ستاروں سے پہلے، جیسے :-

1. *The sun* shines in *the sky* during *the day.*
2. *The earth* is round.
3. *The moon* and *the stars* add to the beauty of *the night.*

(ع) بطور NOUN استعمال ہونے والے ADJECTIVES سے پہلے، جیسے :-

1. *The rich* should be very kind to *the poor* and *the blind.*
2. *The honest* and *the industrious* are respected everywhere.

(ف) جب کسی NOUN کے بعد of آ جائے، جیسے :-

1. *The colour of* his coat was green.
2. *The gold of* a nib is not pure.
3. *The son of* your friend has gone home.
4. *The books of* his guest were lying on my table.

## 4. THE OMISSION OF THE ARTICLE

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی طرف ساتواں اہم قدم**

درست انگریزی لکھنے اور بولنے میں کئی مقامات ایسے بھی آتے ہیں جہاں ARTICLES کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ اِن مقامات

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے کماحقہ باخبر ہوئے بغیر درست انگریزی لکھنے اور بولنے کے خواب کا تشنہ تکمیل رہ جانا ایک لازمی امر ہے۔ ذیل میں اُن تمام مقامات کی نشاندہی کر دی گئی ہے۔ اب اُن کو سمجھنا، ذہن نشین کرنا اور اُن کے مطابق عمل کرنا آپ کے لئے بے حد ضروری ہے۔

مندرجہ ذیل مقامات پر ARTICLES کو حذف کر دیا جاتا ہے :—

(الف) لڑکوں، لڑکیوں، بچوں، بچیوں، عورتوں اور مردوں کے ناموں سے پہلے، جیسے :—

*Kamran* and *Farzana* are my cousins.

(ب) دیہاتوں، قصبوں، شہروں، صوبوں، ملکوں اور براعظموں کے ناموں سے پہلے، جیسے :—

1. *Shahdara* is not very far from *Lahore*.
2. *Pakistan* and *China* are both in *Asia*.

(ج) زبانوں کے ناموں سے پہلے، جیسے :—

Is she at home in *English* and *Arabic* ?

(د) PLURAL NOUNS سے پہلے، بشرطیکہ اُن کے بعد of نہ آ رہا ہو، جیسے :—

1. *Boys* were sitting in the library.
2. He deals in *ties*, *socks*, *towels* and *handkerchiefs*.
3. Our *teams* will fly to Iran tomorrow.
4. *Armies* fight for the honour of their country.

(ر) ABSTRACT NOUNS اور MATERIAL NOUNS سے پہلے، بشرطیکہ اُن کے بعد of نہ آ رہا ہو، جیسے :—

1. *Gold* is dearer than *silver*.
2. We export *rice*, *wool* and *leather*.
3. *Health* is better than *wealth*.
4. She was suffering from high *fever* and *headache*.



(س) انگریزی زبان کے محاورے کے مطابق چند NOUNS ایسے بھی ہیں کہ اُن سے پہلے — نہ جانے کیوں — کسی ARTICLE کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ اُن میں سے چند کثیرالاستعمال PHRASES مندرجہ ذیل ہیں۔ انہیں زبانی یاد کر لیجئے :—

1. at home. 2. in hand. 3. in bed. 4. at school. 5. to school. 6. at day-break. 7. by day. 8. by night. 9. at sunset. 10. on earth. 11. by sea. 12. by hand. 13. by air. 14. on foot. 15. by water. 16. by root. 17. on horseback. 18. in jail. 19. to prison. 20. to market. 21. at dinner. 22. in jest. 23. to send word. 24. to catch fire. 25. to take breath. 26. to give battle. 27. to cast anchor. 28. to bring word. 31. to give ear. 32. to leave school. 33. to lay siege. 34. to set out. 35. to set foot on. 36. to shake hands with. 37. at noon. 38. out of doors. 39. over head and ears in debt. 40. by night. 41. in trouble. 42. at fault. 43. for money. 44. at ease. 45. at sight. 46. on demand. 47. at dinner. 48. at interest. 49. in court. 50. by water.

## 5. COMMON ERRORS IN THE USE OF ARTICLES

پچھلے چند صفحات میں وہ تمام باتیں جو لکھنے اور بولنے میں ARTICLES کے درست استعمال کے لئے ضروری ہیں بڑی تفصیل سے بیان کر دی گئی ہیں۔ اِن سب کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے۔ پھر باری باری اگلے دو صفحات کے بائیں کالموں کے غلط فقروں کو (درست فقروں کو چھپا کر) پڑھئے۔ اُن کی غلطیوں کو خود تلاش کیجئے اور انہیں درست کیجئے پھر انہیں درست کر کے اُن کا مقابلہ اُن کے سامنے چھپے ہوئے دائیں کالم کے درست فقروں سے کر کے اپنی تسلی کر لیجئے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اگر آپ نے ARTICLES کے بیان کو غور سے پڑھا ہے تو یہ تمام منزلیں طے کرنے میں آپ کو کوئی بھی مشکل پیش نہیں آئے گی۔ اور آپ ہر ایک فقرے کے غلط ہونے کی وجہ بھی بتا سکیں گے۔ لیکن اگر ایسا نہ ہو تو یاد رکھئے کہ غلطیوں کو سمجھے بغیر ان کی CORRECTION کو طوطے کی طرح رٹ لینے کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

| Incorrect | Correct |
|---|---|
| 1. We took bath in Jhelum. | 1. We took a bath in the Jhelum. |
| 2. She knows Holy Quran by heart. | 2. She knows the Holy Quran by heart. |
| 3. Is this ring made of the gold ? | 3. Is this ring made of gold ? |
| 4. Boys of my class were playing the hocky. | 4. The boys of my class were playing hocky. |
| 5. Is your father at the home now ? | 5. Is your father at home now ? |
| 6. The life is not empty dream. | 6. Life is not an empty dream. |
| 7. They went for Hajj by the sea. | 7. They went for the Hajj by sea. |
| 8. Himalayas are highest mountains in a world. | 8. The Himalayas are the highest mountains in the world. |
| 9. Lion is a king of forest. | 9. The lion is the king of the forest. |
| 10. She was M.A. in the Urdu. | 10. She was an M.A. in Urdu. |
| 11. I have a ear-ache. | 11. I had an ear-ache. |
| 12. Health of her mother was not good. | 12. The health of her mother was not good. |
| 13. The children were not going to the school. | 13. Children were not going to school. |



| Incorrect | Correct |
|---|---|
| 14. Colour of her shirt was an orange. | 14. The colour of her shirt was orange. |
| 15. Blind man is no judge of the colours. | 15. A blind man is no judge of colours. |
| 16. The birds of a feather flock together. | 16. Birds of a feather flock together. |
| 17. We stayed there for few days. | 17. We stayed there for a few days. |
| 18. The Gulburg is the colony of rich in the Lahore. | 18. Gulburg is a colony of the rich in Lahore. |
| 19. This was news to the both of us | 19. This was news to both of us. |
| 20. The cloth is sold by a meter. | 20. Cloth is sold by the meter. |
| 21. He is cleverest boy in the class. | 21. He is the cleverest boy in the class. |
| 22. The virtue is its own reward. | 22. Virtue is its own reward. |
| 23. What fool he was ! | 23. What a fool he was ! |
| 24. I met him day before the yesterday. | 24. I met him the day before yesterday. |
| 25. He was man of a word. | 25. He was a man of word. |

اب ذیل کی مشق کو حل کیجئے :—

## EXERCISE 9

1. (*a*) **Fill in the blanks with "a" "an" or "the" :—**

1. He is......friend of mine. 2. ......sun sets in...... west. 3. ......old man gave her......apple. 4. He was......

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



fool of......first water. 5. ......colour of... ..sky is blue. 6.......horse and.......ass were standing in......field. 7....... Turks are......mighty people. 8.......apple......day keeps.... doctor away. 9. Mangoes are sold by......kilometer. 10. ......young man is a clerk in......American firm. 11. English is......language of......people of England. 12. ...... Andamans are......group of islands in......Bay of Bengal. 13. Nasira is......clever of......two. 14. He was...... honour to his profession. 15. ......word to......wise is enough.

(*b*) 1.......Indus falls into......Arabia Sea. 2. They marched foward......east. 3. This is......story of ...ant and......cricket. 4.......hands of......watch are smaller than those of......clock. 5. Is......life of... pilot very interesting? 6. Iron is......useful metal. 7. Persian is......easy language. 8. ......Chinese are as hard-working as......Japanese are. 9. He was not a fool to say that to ......stranger. 10. ......Chenab is not longer than...... Indus or......Jhelum. 11. ......Salt Range is......treasure for ......Punjab. 12. Dera Baba Nanak is......sacred town for ......Sikhs. 13. Was that watch......better of......two? 14. ......Panama Canal joins......Pacific Ocean with...... Atlantic Ocean. 15. Cairo is .....capital of......United Arabic Republic.

**II. Insert Articles where necessary :—**

1. Stars are shining in sky. 2. Do you read Pakistan Times? 3. Life of beggar is free from cares and worries. 4. Geography is interesting subject. 5. Indu is longest river in Pakistan. 6. I set watch by clock tower. 7. How high Minar-i-Pakistan is! 8. Play fair game. 9. They set out on long journey late in afternoon.



10. Old man was sleeping on grass under shade of tree. 11. She wanted to buy pen and inkpot. 12. There was egg in nest. 13. Doctor has come from East Indies. 14. Milk of cow is best for children. 15. Umbrella is of no use in heavy rains.

**III. Correct the following :—**

1. Friend in need is friend indeed. 2. Sun sets in west. 3. Jhelum flows from the Kashmir into Punjab. 4. She was M A. from the Karachi. 5. Cow gives milk. A day follows a night. 6. The man is mortal. 7. Honesty is a best policy. 8. A darkest cloud has the silver lining. 9. A boy after a boy came out of a class-room. 10. The wisdom is the gift of God. 11. Pakistan is a Islamic repulic. 12. My room is in an upper storey of a house. 13. You follow a old English custom. 14. She likes honest servant. 15. Get the kilometer of the potatoes from a nearest shop. 16. May I have a pleasure of your company? A dog is the faithful animal. 18. We shook the hands with the our friends. 19. The man is generally taller than a woman. 20. Where there is the will there is the way.

*By the Same Author*

**Good Handwriting Made Easy**

خوشخط لکھائی کے لئے بے نظیر رہنما

**QAUMI KUTUB KHANA**

**19, Ferozepur Road, Lahore**

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## CHAPTER FIVE

### 5. THE VERB

آپ تمہید میں پڑھ چکے ہیں کہ VERB جسے اُردو میں "فعل" کہا جاتا ہے ایک ایسا لفظ ہے جس سے کبھی "زمانے" میں کسی کام کے "کرنے" یا "ہونے" کا پتہ چلتا ہے (جیسے write یا broke یا will catch)۔ اِس کی خصوصیت یہ ہے کہ اگر کوئی فقرہ ایک ہی لفظ پر مشتمل ہو تو وہ لفظ VERB کے علاوہ کوئی اور PART OF SPEECH نہیں ہو سکتا کیونکہ اِس کے بغیر فقرہ نہیں بن سکتا۔ جیسے :-

1. Eat. (کھاؤ یا کھائیے). 2. Run. (دوڑو یا دوڑیے).
2. Sing. (گاؤ یا گائیے). 4. Sit. (بیٹھ جاؤ یا بیٹھ جائیے)

اور اگر کوئی فقرہ دو لفظوں پر مشتمل ہو تو اُن میں سے ایک لفظ VERB ضرور ہوگا، جیسے :-

1. Come in. (اندر آ جاؤ یا اندر آ جائیے)۔
2. Go away. (چلے جاؤ یا چلے جائیے)۔
3. Sleep here. (یہاں سو جاؤ یا اِس جگہ سو جائیے)۔
4. We work. (ہم کام کرتے ہیں یا ہم کام کرتی ہیں)۔

اسی طرح اگر کوئی فقرہ تین یا چار یا پانچ یا زیادہ لفظوں پر مشتمل ہو تو ہر فقرے میں ایک نہ ایک لفظ VERB ضرور ہوگا۔

جیسے :-

1. He plays football. (وہ فٹ بال کھیلتا ہے)۔
2. She likes fresh fruit. (وہ تازہ پھل پسند کرتی ہے)۔
3. My neighbour died yesterday. (میرے پڑوسی کا کل اِنتقال ہو گیا)۔
4. It rained very heavily in the evening yesterday (کل شام خوب زور کی بارش ہوئی)۔



اِن مثالوں سے اِس حقیقت کا پتہ چلتا ہے کہ VERB کے بغیر کوئی فقرہ بن ہی نہیں سکتا۔ اِس لئے فقرے میں VERB کی وہی حیثیت ہے جو جسم کے اِندر روح کی ہوتی ہے۔

### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 22

جو بھی فقرہ ہم لکھتے یا بولتے ہیں اُس میں VERB کا ہونا اُتنا ہی ضروری ہے جتنا ہماری زندگی کے لئے ہمارے جسم کے اِندر روح کا ہونا ہے۔ اگر کسی فقرے میں VERB نہ ہو تو وہ فقرہ زندہ نہیں بلکہ مُردہ اور کارآمد نہیں بالکل لغو نکما، بے معنی اور بے کار ہوتا ہے۔

### 1.- KINDS OF VERBS

انگریزی میں VERB کی دو قسمیں ہیں۔ ہر ایک قسم کا مختصر سا حال مندرجہ ذیل ہے۔

#### 1. THE INTRANSITIVE VERBS

جب کوئی VERB اپنے SUBJECT کے ساتھ مل کر مکمل مفہوم ادا کر سکتا ہو تو اُسے اُردو میں "فعل لازم" اور انگریزی میں INTRANSITIVE VERB کہا جاتا ہے، جیسے :-

1. He *runs*. 2. She *laughed*.
3. The rain *will fall*. 3. I live in *this* room.

اِن فقروں میں runs نے He کے ساتھ مل کر، laughed نے She کے ساتھ مل کر، will fall نے The rain کے ساتھ مل کر اور I نے live ایک مکمل فقرہ بنا لیا ہے۔ اِس لئے runs بھی INTRANSITIVE VERB ہے، laughed بھی will fall بھی اور live بھی۔

#### 2. THE TRANSITIVE VERBS

جب کوئی VERB اپنے SUBJECT کے ساتھ مل

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کر مکمل مفہوم ادا نہ کر سکے بلکہ اُسے اپنے مفہوم کی تکمیل کے لئے ''مفعول'' یعنی OBJECT کی ضرورت بھی ہو تو اُسے اُردو میں ''فعل متعدی'' اور انگریزی میں TRANSITIVE VERB کہا جاتا ہے ، جیسے :—

1. The cow *eats* grass
2. We *bought* oranges.
3. They *will catch* the thief.

اِن فقروں میں eats نے grass کو اپنے ساتھ ملا کر ، bought نے oranges کو اپنے ساتھ ملا کر اور will catch نے the thief کو اپنے ساتھ ملا کر اپنا اپنا مفہوم مکمل کیا ہے ۔ اِس لئے اِن میں سے ہر ایک کو TRANSITIVE VERB کہا جائے گا اور اِن کے مطالب کو مکمل کرنے والے اِلفاظ (یعنی grass اور oranges اور the thief) اِن کے OBJECT کہلائیں گے ۔

چند TRANSITIVE VERB ایسے بھی ہیں کہ اُن کے معانی کی تکمیل کے لئے ایک نہیں بلکہ دو OBJECTS کی ضرورت ہوتی ہے ، جیسے :—

1. I gave *him* a *book*.
2. Who will teach *us English* ?

پہلے فقرے میں him بھی OBJECT ہے اور a book بھی ۔ اِسی طرح دوسرے فقرے میں us بھی OBJECT ہے اور English بھی ۔

یہ بھی یاد رکھئے کہ کچھ VERBS ایسے ہیں کہ وہ TRANSI-TIVE بھی بن سکتے ہیں اور INTRANSITIVE بھی ، جیسے :—

1. He *was flying* a kite. (TRANSITIVE VERB)
   Birds *fly* in the air. (INTRANSITIVE VERB)
2. She *stopped* the car. (TRANSITIVE VERB)
   The car *has stopped*. (INTRANSITIVE VERB)



## 2 THREE FORMS OF THE VERB

انگریزی میں ہر ایک VERB کی تین تین FORMS (یعنی شکلیں) ہوتی ہیں جو مختلف روپ دھار کر مختلف فقروں میں (جنہیں ہم ہر روز لکھنے یا بولنے میں) استعمال ہوتی ہیں ۔ انہیں — ہجوں اور معانی سمیت — زبانی یاد کئے بغیر آپ اپنے اندر درست انگریزی لکھنے یا بولنے کی صلاحیت پیدا نہیں کر سکتے ۔ انہیں دس دس پندرہ پندرہ کے حساب سے یاد کرتے چلے جائیے اور جب تک یہ ازبر نہ ہو جائیں ان کا پیچھا نہ چھوڑئیے ۔

| | Present | | Past | Past Participle |
|---|---|---|---|---|
| 1. | abide | قیام کرنا | abode | abode |
| | am | ہونا | was | been |
| | arise | اُٹھنا ۔ پیدا ہونا | arose | arisen |
| | are | ہونا | were | been |
| | awake | جاگا ہوا ہونا | awoke | awoken / awaken |
| | bear | برداشت کرنا | bore | borne |
| | bear | جنم لینا | bore | born |
| | beat | پیٹنا | beat | beaten |
| | become | ہونا ۔ ہو جانا | became | become |
| | begin | شروع کرنا | began | begun |
| | bend | جھکنا ۔ جھکانا | bent | bent |
| | bet | شرط لگانا | bet | bet |
| | bind | باندھنا | bound | bound |
| | bite | دانتوں سے کاٹنا | bit | bitten |
| | bleed | خون نکلنا | bled | bled |
| 2. | blow | ہوا کا چلنا | blew | blown |
| | break | توڑنا | broke | broken |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Present | | Past | Past Participle |
|---|---|---|---|
| bring | لانا | brought | brought |
| build | بنانا ۔ تعمیر کرنا | built | built |
| burn | جلانا | burnt | burnt |
| burst | پھٹنا | burst | burst |
| buy | خریدنا | bought | bought |
| care | پروا کرنا ۔ احتیاط کرنا | cared | cared |
| catch | پکڑنا ۔ دبوچنا | caught | caught |
| choose | چن لینا ۔ انتخاب کرنا | chose | chosen |
| cling | چمٹنا | clung | clung |
| clothe | ملبوس کرنا | clothed | clothed |
| come | آنا | came | come |
| cost | قیمت ہونا | cost | cost |
| creep | رینگنا | crept | crept |
| 3. cut | کاٹنا ۔ قطع کرنا | cut | cut |
| deal | سلوک کرنا ۔ کاروبار کرنا | dealt | dealt |
| dig | کھودنا | dug | dug |
| do | کرنا | did | done |
| draw | کھینچنا | drew | drawn |
| dream | خواب دیکھنا | dreamt | dreamt |
| drink | پینا | drank | drunk |
| drive | چلانا ۔ ہانکنا | drove | driven |
| eat | کھانا | ate | eaten |
| fall | گرنا | fell | fallen |
| feed | کھلانا | fed | fed |
| feel | محسوس کرنا | felt | felt |



| Present | | Past | Past Participle |
|---|---|---|---|
| fight | لڑنا | fought | fought |
| find | معلوم کرنا ۔ تلاش کرنا | found | found |
| fling | پھینکنا | flung | flung |
| fly | اڑنا ۔ اڑانا | flew | flown |
| forbid | منع کرنا | forbade | forbidden |
| forget | بھول جانا | forgot | forgotten |
| forgive | معاف کرنا | forgave | forgiven |
| forsake | ترک کر دینا | forsook | forsaken |
| freeze | منجمد ہونا | froze | frozen |
| get | لینا ۔ حاصل کرنا | got | got |
| gird | پٹکا(پیٹی) باندھنا | girded / girt | girded / girt |
| hang | پھانسی دینا | hanged | hanged |
| hang | لٹکنا ۔ لٹکانا | hung | hung |
| has | رکھتا (رکھتی) ہے | had | had |
| hate | نفرت کرنا | hated | hated |
| have | رکھتا ہے ۔ رکھتے ہیں | had | had |
| hear | سننا | heard | heard |
| hew | کاٹ ڈالنا | hewed | hewed |
| hide | چھپانا | hid | hidden |
| hit | مارنا ۔ ٹکرانا | hit | hit |
| hold | پکڑنا | held | held |
| hope | امید کرنا | hoped | hoped |
| hunt | شکار کرنا | hunted | hunted |
| insult | توہین (تذلیل) کرنا | insulted | insulted |
| join | ملنا ۔ ملانا | joined | joined |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

| | Present | | Past | Past Participle |
|---|---|---|---|---|
| | joke | مذاق کرنا | joked | joked |
| | judge | تجویز (فیصلہ) کرنا | judged | judged |
| | jump | اُچھلنا | jumped | jumped |
| | keep | رکھنا | kept | kept |
| | kick | ٹھوکر مارنا | kicked | kicked |
| | kill | ہلاک کرنا | killed | killed |
| | kneel | گھٹنوں کے بل جھکنا | knelt | knelt |
| | know | جاننا | knew | kowp |
| 6. | lay | گرانا ۔ بچھانا ۔ دینا | laid | laid |
| | lead | رہبری کرنا | led | led |
| | leap | کودنا ۔ پھاندنا | leapt | leapt |
| | learn | سیکھنا ۔ حاصل کرنا ۔ معلوم کرنا | learnt | learnt |
| | leave | چھوڑ دینا | left | left |
| | lend | اُدھار (مستعار) دینا | lent | lent |
| | let | جانے دینا ۔ کرایہ پر اُٹھانا | let | lighted : let |
| | lie | جھوٹ بولنا | lied | lied |
| | lie | لیٹنا | lay | lain |
| | light | روشن کرنا ۔ جلانا | lighted : lit | lit |
| | load | لادنا | loaded | loaded |
| | lose | کھودینا | lost | lost |
| | love | محبت کرنا | loved | loved |
| | make | بنانا | made | made |
| | manage | بندوبست کرنا | managed | managed |
| 7. | may | ممکن ہونا ۔ اِجازت دینا ۔ خواہش ہونا | might | might |

| | Present | | Past | Past Participle |
|---|---|---|---|---|
| | mean | مطلب (یا) مدعا ہونا | meant | meant |
| | meet | ملنا ۔ ملاقات کرنا | met | met |
| | melt | پگھلنا | melted | melted / molten |
| | mew | میاؤں میاؤں کرنا | mewed | mewn |
| | murder | ہلاک کرنا ۔ قتل کرنا | murdered | murdered |
| | name | نام رکھنا | named | named |
| | narrate | بیان کرنا | narrated | narrated |
| | offer | پیش (یا) پیش کش کرنا | offered | offered |
| | open | کھولنا | opened | opened |
| | order | حکم دینا | ordered | ordered |
| | pass | کامیاب ہونا ۔ گزرنا | passed | passed |
| | pay | ادا کرنا | paid | paid |
| | peal / peel | گرجنا ۔ کڑکنا / چھیلنا | pealed | pealed |
| | praise | تعریف کرنا | praised | praised |
| 8. | pray | دعا کرنا | prayed | prayed |
| | prove | ثابت کرنا | proved | proved |
| | pull | کھینچنا | pulled | pulled |
| | push | دھکیلنا | pushed | pushed |
| | quarrel | جھگڑنا | quarrelled | quarrelled |
| | read | پڑھنا | read | read |
| | reap | (فصل) کاٹنا | reaped | reaped |
| | rent | (کرایہ پر) اُٹھانا | rented | rented |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| Present | | Past | Past Participle |
|---|---|---|---|
| ride | سوار ہونا | rode | ridden |
| ring | بجانا | rang | rung |
| ripe | پکنا ۔ پختہ ہونا | | |
| rise | اُٹھنا ۔ جاگنا | rose | risen |
| ruin | تباہ ہونا ۔ برباد کرنا | ruined | ruined |
| run | دوڑنا | ran | run |
| saw | آرہ کشی کرنا ۔ چیرنا | sawed | sawn |
| say | کہنا | said | said |
| see | دیکھنا | saw | seen |
| seek | تلاش کرنا | sought | sought |
| seem | معلوم ہونا ۔ دکھائی دینا | seemed | seemed |
| sell | فروخت کرنا ۔ بیچنا | sold | sold |
| send | بھیجنا | sent | sent |
| set | ترتیب دینا ۔ جڑنا | set | set |
| sew | سلائی کرنا | swed | sewn |
| shake | ہلانا ۔ سلانا | shook | shoken |
| shave | حجامت بنانا | shaved | { shaved / shaven |
| shine | چمکنا | shone | shone |
| shoot | گولی مارنا | shot | shot |
| show | دکھانا | showed | shown |
| shrink | سکڑنا | shrank | { shrunk / shrunken |
| shut | بند کرنا | shut | shut |
| sing | گانا | sang | sung |
| sink | ڈوبنا ۔ غرق ہونا | sank | sunk |



| Present | | Past | Past Participle |
|---|---|---|---|
| sit | بیٹھنا | sat | sat |
| sleep | سو جانا | slept | slept |
| smell | سونگھنا | smelt | smelt |
| smile | مسکرانا | smiled | smiled |
| speak | بولنا | spoke | spoken |
| speed | جلدی جلدی چلنا | sped | sped |
| spell | ہجے کرنا | spelt | spelt |
| spend | صرف کرنا ۔ خرچ کرنا | spent | spent |
| spill | گرنا ۔ گرانا ۔ بہنا ۔ بہانا | spilt | spilt |
| spit | تھوکنا | spat | spat |
| split | پھاڑنا ۔ بانٹنا | split | split |
| spoil | خراب کرنا | spoiled | { spoiled / spoilt |
| spread | پھیلانا ۔ پھیلنا | spread | spread |
| spring | اُچھلنا | sprang | sprung |
| stand | کھڑا ہونا | stood | stood |
| steal | چوری کرنا ۔ چرانا | stole | stolen |
| sting | ڈنگ مارنا | stung | stung |
| strew | بکھیرنا | strewed | strewn |
| strike | مارنا ۔ ہڑتال کرنا | struck | { struck / stricken |
| strive | بہت کوشش کرنا | strove | striven |
| swear | قسم کھانا | swore | sworn |
| sweat | پسینہ آنا | sweat | sweat |
| sweep | جھاڑو دینا | swept | swept |
| swell | سوج جانا ۔ ورم آنا | swelled | { swelled / swollen |

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

| Present | | Past | Past Participle |
|---|---|---|---|
| swim | تیرنا | swam | swum |
| take | لینا | took | taken |
| teach | پڑھانا ۔ سکھانا | taught | taught |
| tear | پھاڑنا | tore | torn |
| 12. tell | بتانا | told | told |
| think | سوچنا | thought | thought |
| throw | پھینکنا | threw | thrown |
| undergo | برداشت کرنا ۔ جھیلنا | underwent | under-gone |
| understand | سمجھنا | understood | understood |
| wake | جاگنا ۔ جگانا | woke | waked |
| wear | پہننا | wore | worn |
| weave | بننا | wove | woven |
| weep | رونا | wept | wept |
| win | جیتنا ۔ حاصل کرنا | won | won |
| wind | چابی دینا | wound | wound |
| withdraw | واپس لینا ۔ ہٹا دینا | withdrew | with-drawn |
| withhold | روکے رکھنا | withheld | withheld |
| work | کام کرنا ۔ چلنا | worked | worked |
| wring | نچوڑنا | wrung | wrung |
| write | لکھنا | wrote | written |

## EXERCISE 10

I. (*a*) **Give the Past Tense of the following and use them in sentences :—**

1. arise. 2. burn. 3. hang. 4. joke. 5. lie. 6. melt. 7. pull. 8. saw. 9. shook. 10. weave.



(*b*) **Give the Present Tense of the following and use them in sentences :—**

1. forbade. 2. bit. 3. knelt. 4. lay. 5. met. 6. paid. 7. sped. 8. tore. 9. cook. 10. wrung.

II. **Give the three forms of the following and use any form of each, in a sentence :—**

1. weave. 2. freeze. 3. hold. 4. lead. 5 mean. 6. pass. 7. ride. 8. shut. 9. spring. 10. throw.

## 3. INCOMPLETE. STRONG & WEAK VERBS

### 1. INCOMPLETE VERBS

کچھ TRANSITIVE VERBS ایسے بھی ہیں کہ وہ SUBJECT اور OBJECT دونوں کو اپنے ساتھ ملا لینے کے باوجود فقرے کے مفہوم کو مکمل نہیں کر سکتے (جیسے They chose him their president میں *chose* یا We made him our leader میں *made*)۔ اسی طرح کچھ INTRANSITIVE VERBS بھی ایسے ہیں کہ وہ SUBJECT کو ساتھ ملا کر فقرے کے مفہوم کو مکمل نہیں کر سکتے (جیسے she is ill میں *is* یا He *seems mad* میں *seems*) - پہلی مثال میں chose ایک TRANSITIVE VERB ہے لیکن وہ اپنے OBJECT یعنی him کے باوجود — president کے بغیر — اپنے فقرے کا مفہوم مکمل نہیں کر سکا۔ دوسری مثال میں made بھی TRANSITIVE VERB ہے لیکن وہ بھی اسی طرح اپنے OBJECT یعنی her کی موجودگی کے باوجود — our leader کے بغیر — اپنے فقرے کے مفہوم کو مکمل نہیں کر سکا۔ پھر تیسری مثال میں is (جو INTRANSITIVE VERB ہے) اپنے SUBJECT یعنی she کو ساتھ ملا کر — *ill* کے بغیر — اپنے فقرے کا مفہوم اور نہ ہی seems (جو INTRANSITIVE VERB ہے) اپنے SUBJECT یعنی He کو ساتھ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



…کو ---ade... کے بغیر — اپنے فقرے کے مفہوم کو مکمل کر سکا ہے۔ اس لئے اِس قسم کے VERBS کو INCOMPLETE VERBS کہا جاتا ہے اور جو اِلفاظ اِنہیں اپنے اپنے مفہوم کی تکمیل میں مدد دینے ہیں اُنہیں COMPLEMENT کہا جاتا ہے۔ وہ تمام اِلفاظ جو گزشتہ سطروں میں ٹیڑھے حروف میں چھپے ہوئے ہیں۔ اِسی قسم کے چند کثیر الاستعمال INCOMPLETE VERBS ہیں۔ ذیل کے الفاظ بھی INCOMPLETE VERBS ہیں :—

*am : is : are : was ; were and looks*

**2. WEAK VERBS**

وہ VERBS جن کا PAST بنانے کے لئے اُن کے آخر میں *d* یا *ed* یا *t* کا اِضافہ کیا جاتا ہے ، WEAK VERBS کہلاتے ہیں (جیسے hate یا work یا burn)۔ لیکن بعض اَوقات اِن حروف کے اِضافے کے علاوہ اِن میں چند اندرونی تبدیلیاں بھی کرنا پڑتی ہیں (جیسے build سے built یا pay سے paid)۔

**3. STRONG VERBS**

وہ VERBS جن کا PAST بنانے کے لئے — اُن کے آخر میں d یا ed یا t کے اضافے کے بغیر اُن کے PRESENT TENSE کے اِندرونی VOWELS (یعنی a, e, i, o, اور u) میں کچھ تغیر و تبدیل کرنا پڑتا ہے (جیسے write سے wrote یا feed سے fed یا tell سے told تو اُنہیں STRONG VERBS کہا جاتا ہیں۔

## 4. INFINITIVE, PARTICIPLE & GERUND

**1. INFINITIVE**

کسی VERB کی پہلی FORM سے پہلے To لگا دینے سے INFINITIVE بن جاتا ہے جیسے to go یا to run یا to eat) اور اُسے زمانے (یعنی TIME) اور تعداد (یعنی NUMBER) اور PERSON سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔



### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 23

کسی INFINITIVE کے To اور VERB کی پہلی FORM کے درمیان کوئی بھی لفظ نہیں آ سکتا ۔ جیسے ۔

1. - I want you to *please sit* down (WRONG)
   I want you *to sit* down *please* (CORRECT)
   I want you *please to sit* down. (CORRECT)
2. He asked me *to kindly help* him. (WRONG)
   He asked me *kindly to help* him. (CORRECT)
   He asked me *to help* him *kindly*. (CORRECT)

### درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 24

یہ درست ہے کہ TO کو INFINITIVE کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔ لیکن اِسے اِن PRINCIPAL VERBS (behold , bid ; dare: feel; had better, had rather ; let : make ; need : see : watch) کے بعد حذف کر دیا جاتا ہے ، جیسے :—

1. She bade her son keep (*i.e.* to keep) quiet.
2. Did you see the patient sleep (*i.e.* to sleep) very carefully
3. You had better go (*i.e.* to go) home.
4. Let her work (*i.e.* to work) very hard these days.
5. I need not send (*i.e.* to send) him a telegram.

**2. PARTICIPLE**

کسی VERB کے آخر میں ing لگا دینے سے PRESENT PARTICIPLE بن جاتا ہے اور یہ (جیسا کہ آپ آگے چل کر پڑھیں گے) مختلف TENSES

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بنانے کا کام آتا ہے۔ لیکن اسے بطور ADJECTIVE بھی استعمال کیا جاتا ہے (جیسے a barking dog میں barking یا a dancing girl میں dancing)۔ اسی طرح VERBS کی تیسری FORM (یعنی PAST PARTICIPLE) کو بھی بطور ADJECTIVE استعمال کر لیا جاتا ہے (جیسے stolen book میں stolen یا broken chair میں broken یا spoilt child میں spoilt)۔

## درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 25

چونکہ PARTICIPLE کسی VERB سے بننے والا ADJECTIVE ہوتا ہے اس لئے اِس کا کسی SUBJECT سے منسوب ہونا لازمی ہے، جیسے :-

1. Being careless in running, his leg was broken. **(WRONG)**

   Being careless in walking, he broke his leg. **(CORRECT)**

2. Being very cold, they remained in their beds. **(WRONG)**

   It being very cold, they remained in their beds. **(CORRECT)**

## 3. GERUND

جب کسی VERB کے آخر میں ing لگا کر اُسے بطور NOUN استعمال کیا جائے تو اُسے GERUND کہا جاتا ہے (جیسے Riding is good for the back میں riding اور She is fond of singing میں singing)۔

## 5. MOOD

لفظ MOOD کے لغوی معنی ہیں "مزاج" یا "طبعیت کا میلان" یا "افتاد طبع"۔ لیکن گریمر میں اِس سے مراد ہے فقرے میں



VERB کے ذریعے کسی بات کے بیان کا انداز۔ انگریزی میں VERB کے چار MOODS ہیں۔ ہر ایک MOOD کا مختصر سا تعارف مندرجہ ذیل ہے :-

## 1. INDICATIVE MOOD

اِس MOOD میں VERB کوئی بات "بیان کرنے" یا کچھ پوچھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے :-

1. Children *are going* home. ("مثبت" بیان کے لئے)
2. She *will not tell* a lie. ("منفی" بیان کے لئے)
3. *Did* they *sing* the national anthem? ("استفہام" کے لئے)
4. What *is* in your hand ? ("استفہام" کے لئے)

## 2. IMPERATIVE MOOD

اِس MOOD میں VERB کسی "حکم" یا "درخواست" یا "اِلتجا" یا "نصیحت" کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے :-

1. *Leave* this room (حکم)
2. *Give* me your pen, please. (درخواست)
3. *Help* them for God's sake. (اِلتجا)
4. *Do not waste* your time. (نصیحت)
5. *Keep* your word. (نصیحت)

## 3. INFINITIVE MOOD

اِس MOOD میں VERB کسی کام کا نام بتانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اِس MOOD میں VERB کی پہلی FORM سے پہلے To آتا ہے اور وہ TIME یا NUMBER یا PERSON سے لاتعلق ہوتا ہے، جیسے :-

1. They wanted to *swim* in the river.
2. *To err* in human.
3. Did she like *to say* anything ?

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## 4. SUBJUNCTIVE MOOD

اس MOOD ... کسی شرط ... 

... اظہار کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ''شرط'' کے لئے عموماً had ... were ... should کو استعمال کیا جاتا ہے جیسے

... them I shall tell them every thing.

... come to me, I would had helped him.

Were I in his place, I would have paid him his bill.

4. *Should* he *come* here, he would recognise us all.

... یا ''تمنا'' کے لئے عموماً may استعمال ہوتا ہے، جیسے

*May* you live long!

*May* she *recover* very soon!

... ل میں ہی ہوتا، جیسے :-

1. God *be* with her!
2. Long *live* Pakistan
3. O! that I were a bird.
4. Oh! that it were possible!

... کے اظہار کے لئے کبھی may استعمال ہوتا ہے ... جیسے :-

We work that we may earn.

Judge not, that you be not judged.

Walk with care lest you should fall.

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 26**

اس MOOD میں PRESENT TENSE اور PAST TENSE کے ... VERB کا استعمال INDICATIVE MODE سے بالکل مختلف ہے۔ اسے اچھی طرح ذہن نشین کر لیجیے تا کہ آپ سے درست انگریزی لکھنے اور بولنے میں کوئی غلطی نہ ہو جائے۔

| PRESENT TENSE | | PAST TENSE | |
|---|---|---|---|
| Indicative Mood | Subjective Mood | Indicative Mood | Subjective Mood |
| I am. | I be. | I was. | I were. |
| We are. | We be. | We were. | We were. |
| Your are. | You be. | You were. | You were. |
| He is. | He be. | He was. | He were. |
| She is. | She be. | She was. | She were. |
| It is. | It be. | It was. | It were. |
| They are. | They be. | They were. | They were. |

**درست انگریزی لکھنے اور بولنے کا سنہرا قاعدہ نمبر 27**

اس MOOD میں ایک اور غلطی کا احتمال بھی ہے اور وہ ہے lest کا استعمال۔ یاد رکھئے کہ lest = that not کے۔ اس لئے کسی فقرے میں lest کے بعد should ضرور آتا ہے لیکن not کے استعمال کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، جیسے :-

1. Walk with care *lest* you should *not* fall. (WRONG)
   Walk with car *lest* you should fall. (CORRECT)
2. They ran fast *lest* they should *not* miss the train. (WRONG)
   They ran fast *lest* they should miss the train. (CORRECT)

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پچھلے چار پانچ صفحات میں GERUND ،PARTICIPLE ،INFINITIVE اور MOOD سے متعلق تمام باتیں اچھی طرح ذہن نشین کر لینے کے بعد ذیل کی مشق کو حل کیجئے ۔

## EXERCISE 11

**Correct the following where necessary :—**

1. Will you ask him to kindly return my pen ? 2. He need not to keep awake all the night. 3. They could not dare to tell lies to my face. 4. Would that she was in Karachi on the Eid Day ! 5. They work in the office till 3 o'clock lest they should not be marked absent by their superintendent. 6. You will have to honestly weigh sugar in future. 7. Would that youth was everlasting ! 8. He wanted to at once know my name and address. 9. You should to carefully write the address on the parcel lest it should not be misdelivered. 10. Being slow to walk, the train was missed by him. 11. We were advised to quickly answer all his questions. 12. Did you see her to jump into the well ? 13. He made the recruits to run very fast. 14. You had better to keep quiet. 15. Will you not to let me die very peacefully ?

## 6. TENSES

اردو میں TENSE کے معنی "زمانہ" کے ہیں ۔ اور "زمانے" تعداد میں تین ہیں — (۱) موجودہ ۔ (۲) گزرا ہوا ۔ (۳) آنے والا ۔ موجودہ زمانے کو اردو میں "زمانہ حال" اور انگریزی میں PRESENT TENSE کہا جاتا ہے ۔ "گزرے ہوئے زمانے" کو اردو میں "زمانہ ماضی" اور انگریزی میں PAST TENSE کہا جاتا ہے ۔ "آنے والے زمانے" کو اردو میں "زمانہ مستقبل" اور انگریزی میں FUTURE TENSE کہا جاتا ہے ۔

اردو میں نہ "فعل حال" کی کوئی قسم ہے اور نہ "فعل مستقبل" کی ۔ لیکن فعل ماضی کی چھ قسمیں ہیں — (1) ماضی مطلق ۔ (2) ماضی قریب ۔ (3) ماضی بعید ۔ (4) ماضی استمراری ۔ (5) ماضی شکیہ (6) ماضی تمنائی ۔ اِن قسموں سے آپ کا مختصر سا تعارف ہے جانا ہوگا ۔ **ماضی مطلق** کو زمانے کے قرب یا بعد (یعنی نزدیکی یا دوری) سے کوئی تعلق نہیں ہوتا بلکہ صرف کام کے وقوع سے سروکار ہوتا ہے (جیسے ، آیا ، لکھا ، پڑھا وغیرہ) ۔ **ماضی قریب** سے تھوڑی سی مدت کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جاتا ہے (جیسے آیا ہے ، آیا ہے ، لکھا ہے ، کہا ہے وغیرہ) ۔ **ماضی بعید** سے "دور کا گزرا ہوا زمانہ" سمجھا جاتا ہے (جیسے آیا تھا ، لکھا تھا ، خریدا تھا ، دیکھا تھا وغیرہ) ۔ **ماضی استمراری** سے کسی کام کی "تکرار" یا اُس کا "پورا نہ ہونا" سمجھا جاتا ہے (جیسے آتا تھا ، لکھتا تھا ، کھیلتا تھا ، دیکھتا تھا وغیرہ) ۔ **ماضی شکیہ** میں کام کے ہونے یا نہ ہونے کا "شک و احتمال" پایا جاتا ہے (جیسے آیا ہوگا ، آتا ہوگا ، خریدا ہوگا ، خریدتا ہوگا ، وغیرہ) ۔ **ماضی تمنائی** میں "شرط یا تمنا" کے معنی پائے جاتے ہے (جیسے آتا ، آیا ہوتا ، کھاتا ، کھایا ہوتا وغیرہ) ۔ لیکن یاد رکھیے کہ اردو میں ماضی کی یہ قسمیں انگریزی میں PAST TENSE کی قسموں سے بالکل مختلف ہیں ۔

انگریزی میں PRESENT TENSE کی بھی چار قسمیں ہیں ، PAST TENSE کی بھی چار ہی قسمیں ہیں اور FUTURE TENSE کی بھی چار ہی قسمیں ہیں ۔ اِن بارہ قسموں کو جو اہمیت حاصل ہے اُس کا اندازہ اِسی بات سے لگا لیجئے کہ اِنہیں اچھی طرح سمجھے بغیر نہ درست انگریزی لکھنے کی صلاحیت پیدا ہو سکتی ہے اور نہ ہی درست انگریزی بولنے کی کوئی صورت معرض وجود میں آ سکتی ہے ۔ اِسی حقیقت کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں نے TENSE MADE EASY کے نام سے ایک الگ کتابچہ تالیف کیا تھا جسے لاہور کے منفرد ایک اشاعتی اِدارے "قومی کتب خانہ" نے شائع کیا اور جو کئی مرتبہ چھپ کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ملک کے گوشے گوشے میں فروخت ہو رہا ہے۔ یہاں تو میں نے اِن ہی TENSES کو بڑے اِختصار سے بیان کیا ہے۔لیکن TENSES کے تفصیلی بیان کے لئے TENSES MADE EASY کا مطالعہ کیجئے۔

## (A) INDEFINITE TENSES

ان TENSES میں وقت کا کوئی تعین نہیں ہوتا۔ یہ PRESENT اور PAST اور FUTURE کی سادہ ترین قسمیں ہیں۔ ہر ایک کا مختصر سا حال مندرجہ ذیل ہے :—

### 1. PRESENT INDEFINITE TENSE

یہ حقیقتاً وہی TENSE ہے جسے اردو میں "فعل حال" کہا جاتا ہے اور اِس کے لئے VERB کی پہلی FORM اِستعمال ہوتی ہے (جیسے I sleep یا We sleep یا You sleep یا They sleep یا Boys sleep)۔ لیکن اگر He یا She یا کوئی واحد NOUN اِس کا SUBJECT ہو تو اِس کے آخر میں s یا es کا اِضافہ ہو جاتا ہے (جیسے He sleeps یا She sleeps یا It sleeps یا Farzana sleeps یا He goes یا She goes)۔ اِسے مندرجہ ذیل مواقع پر اِستعمال کیا جاتا ہے :—

(الف) موجودہ وقت کے کسی واقعہ کے بیان کے لئے، جیسے :—
Children play in the street.

(ب) کسی عادت کے بیان کے لئے، جیسے :—
He gets up early in the morning.

(ج) کسی صداقت عامہ کے بیان کے لئے، جیسے :—
Birds of a feather flock together.

(د) قدرت کے کسی قانون کے بیان کے لئے، جیسے :—
The sun rises in the east.



(ر) فطرت کے کسی تقاضے کے اِظہار کے لئے، جیسے :—
The duck swims in water.

(س) کسی رسم یا رواج کے بیان کے لئے، جیسے :—
The Muslims embrace one another on the Eid Day.

### 2. PAST INDEFINITE TENSE

اِس TENSE میں VERB کی دوسری FORM — کسی کمی بیشی کے بغیر — "تنہا واقع ہونے والے" مندرجہ ذیل کاموں کے لئے اِستعمال ہوتی ہے :—

(الف) ماضی مطلق کے معنوں میں، جیسے :—
They went to Saudi Arabia.
(وہ سعودی عرب چلے گئے۔)

(ب) ماضی قریب کے معنوں میں، جیسے :—
I sold my cow yesterday.
(میں نے اپنی گائے کل بیچ دی ہے۔)

(ج) ماضی بعید کے معنوں میں، جیسے :—
You called me names. (تم نے مجھے گالیاں دی تھیں۔)

(د) ماضی اِستمراری کے معنوں میں، جیسے :—
We went to school on foot every day. ہم ہر روز پیدل مدرسے جایا کرتے تھے۔

(ر) ماضی کی کسی عادت کے بیان کے لئے، جیسے :—
She prayed five times a day. (وہ پانچوں وقت نماز پڑھتی تھی۔)

### 3. FUTURE INDEFINITE TENSE

یہ حقیقتاً وہی TENSE ہے جسے اردو میں "فعل مستقبل" کہا جاتا ہے اور اِس کے لئے VERB

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کی پہلی FORM سے پہلے I اور We کے لئے shall اور باقی ہر ایک SUBJECT کے لئے will لگا دیا جاتا ہے ۔ جیسے :—

1. I shall speak the truth. (میں سچ بولوں گا/گی -)
2. They will go to Karachi (وہ کراچی جائیں گے/گی -)

لیکن اگر I اور We کے لئے will اور باقی ہر ایک SUBJECT کے لئے SHALL استعمال کیا جائے تو "تاکید" یا "پختہ ارادے" یا "یقین" یا "حکم" کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں ، جیسے :—

1. We will help the poor. (ہم غریبوں کی مدد ضرور کریں گے)
2. He shall not steal. (وہ چوری ہرگز نہیں کرے گا -)

**درست انگریزی لکھنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی طرف**
**آٹھواں اہم قدم**

یہ تینوں TENSES مثبت (یعنی AFFIRMATIVE) ، منفی (یعنی NEGATIVE) اور استفہامی (یعنی INTERROGATIVE) فقروں میں بکثرت استعمال ہوتے ہیں ۔ اس لئے ہر لحاظ سے ان فقروں کا بالکل صحیح ہونا بے حد ضروری ہے ۔ آپ اپنے لکھے یا بولے ہوئے فقروں میں بھی خوبی پیدا کرنے کے لئے ذیل کی باتوں کو اچھی طرح نوٹ کر کے ان پر حرف بحرف عمل کیجئے ۔ ورنہ یہی فقرے آپ کی لاعلمی کی بولتی تصویریں بن جائیں گے :—

(1) PRESENT INDEFINITE TENSE کے مثبت (یعنی AFFIRMATIVE) فقروں میں He یا She یا It یا کسی SINGULAR NOUN کے بطور SUBJECT استعمال ہونے کی صورت میں VERB کے آخر میں s یا es لگانا ہرگز نہ بھولئے ۔



(2) PRESENT INDEFINITE TENSE کے فقروں کو "نافیہ" بنانے کے لئے اُن کے VERBS سے پہلے do not لگا دیجئے (جیسے I go سے I do not go) ۔ لیکن اگر اُن کے آخر میں s یا es کا اضافہ ہو رہا ہو تو s یا es کو ہٹا کر اُن کے VERBS سے پہلے does not لگا دیجئے (جیسے He eats سے He does not eat یا She goes سے She does not go) ۔ البتہ اتنا ضرور یاد رکھئے کہ ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ VERB کے آخر میں s یا es بھی رہے اور اس سے پہلے does not بھی لگ جائے ، جیسے :—

1. He *does not plays* hockey. (WRONG)
He *does not play* hockey. (CORRECT)
2. She *does not loses* her purse. (WRONG)
She *does not lose* her purse. (CORRECT)

(3) PRESENT INDEFINITE TENSE کے فقروں کو سوالیہ بنانے کے لئے اُن کے SUBJECT سے پہلے Do لگا دیجئے (جیسے You swin سے Do you swin ?) ۔ لیکن اگر اُن کے VERBS کے آخر میں s یا es لگا ہوا ہو تو s یا es کو ہٹا کر اُن کے SUBJECT سے پہلے DOES لگا دیجئے (جیسے The bird flies سے Does the bird fly ? یا She eats fruit سے Does she eat fruit?) ۔ البتہ اتنا ضرور یاد رکھئے کہ ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ VERB کے آخر میں s یا es بھی رہے اور SUBJECT سے پہلے Does بھی لگ جائے ، جیسے :—

1. **Does Nadeem takes a bath.** (WRONG)
**Does Nadeem take a bath ?** (CORRECT)
2. **Does Pervin goes to her college ?** (WRONG)
**Dose Parveen go to her college ?** (CORRECT)

(4) جب PAST INDEFINITE TENSE کے کسی فقرے کو NEGATIVE بنانا ہو تو اس کے VERB کی FIRST FORM

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے پہلے did not لگا دیجئے (جیسے He fell down سے He did not fall down) لیکن اِتنا ضرور یاد رکھئے کہ ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ SECOND FORM بھی رہے اور did not بھی آجائے، جیسے :—

1. They *did not worked* very hard. (WRONG)
   They *did not work* very hard. (CORRECT)
2. I *did not broke* the cup. (WRONG)
   I *did not break* the cup. (CORRECT)

(5) جب PAST INDEFINITE TENSE کے کسی فقرے کو INTERROGATIVE بنانا ہو تو اُس کے VERB کی SECOND FORM کی جگہ FIRST FORM لگا کر اُس کے شروع میں did کا اِضافہ کر دیجئے ۔ (جیسے The cow died سے Did the cow die?) ۔ لیکن اِتنا ضرور یاد رکھئے کہ ایسا کبھی نہیں ہوسکتا کہ VERB کی SECOND FORM بھی رہے اور did بھی آجائے، جیسے :—

1. *Did* you *sold* my books? (WRONG)
   *Did* you *sell* my books? (CORRECT)
2. *Did* he *bought* apples? (WRONG)
   *Did* he *buy* apples? (CORRECT)

(6) جب FUTURE INDEFINITE TENSE کے کسی فقرے کو NEGATIVE بنانا ہو تو will یا shall کے بعد not لگا دیجئے (جیسے They will come سے They will not come، I shall run سے I shall not run) ۔ اور جب اِس TENSE کے کسی فقرے کو INTERROGATIVE بنانا ہو تو will یا shall کو SUBJECT سے پہلے لگا دیجئے (جیسے He will take a bath سے Will he take a bath?)

اب INDEFINITE TENSES کو اچھی طرح ذہن نشین کرنے کے لئے اِس کا بیان دو تین بار شروع سے آخر تک بڑے غور سے پڑھئے اور پھر اگلے صفحہ 107 کی مشق کو حل کیجئے ۔

## EXERCISE 12

**I. Rewrite the following, changing the Verbs into the Present Tense :—**

